# THE
# SENATE OF PAKISTAN
# DEBATES

## *OFFICIAL REPORT*

Friday the June 13, 2025

(351st Session)

Volume VII, No.02

(Nos.01-08)

*Printed and Published by the Senate Secretariat, Islamabad*

Volume VII SP.VII (01)/2025

No.01 15

Contents

1. Recitation from the Holy Quran ........................................................ 1
2. Leave of Absence ................................................................................ 3
3. Presentation of report on behalf of the Chairman, Standing Committee on Interior and Narcotics Control on [The National Occupational Health and Safety Bill, 2023] .......................... 4
4. Presentation of report on behalf of the Chairman, Standing Committee on Interior and Narcotics Control on [The Code of Criminal Procedure (Amendment) Bill, 2024] ............................... 5
5. Presentation of report on behalf of the Chairman, Standing Committee on Interior and Narcotics Control on [The Anti-Terrorism (Amendment) Bill, 2024] .................................................... 5
6. Presentation of report on behalf of the Chairman, Standing Committee on Interior and Narcotics Control on [The Shamilat Land Protection Bill, 2024] .................................................. 6
7. Consideration and passage of [The Societies Registration (Amendment) Bill, 2025] ...................................................................... 6
8. Discussion on the Finance Bill (2025-26) ......................................... 10
   - Senator Syed Shibli Faraz, Leader of the Opposition ............. 10
   - Senator Irfan-ul-Haque Siddiqui .............................................. 30
   - Senator Shahadat Awan ........................................................... 41
   - Senator Mohammad Humayun Mohmand ............................ 47
9. Motion moved under Rule 263 for dispensation of Rules .............. 53
10. Resolution moved by Senator Mohammad Ishaq Dar, Foreign Minister regarding condemnation of Israeli attack on Islamic Republic of Iran in violation of UN Charter and International Law ................................................................................ 53

# SENATE OF PAKISTAN
# SENATE DEBATES
Friday, the June 13, 2025

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at fifty minutes past ten in the morning with Mr. Chairman (Syed Yousuf Raza Gilani) in the Chair.

----------------

## **Recitation from the Holy Quran**

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَاِذْ يَرْفَعُ اِبْرٰهٖمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَيْتِ وَاِسْمٰعِيْلُ ؕ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا ؕ اِنَّكَ
اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿١٢٧﴾ رَبَّنَا وَ اجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ لَكَ وَ مِنْ ذُرِّيَّتِنَآ اُمَّةً
مُّسْلِمَةً لَّكَ ۪ وَ اَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَ تُبْ عَلَيْنَا ۚ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ
﴿١٢٨﴾ رَبَّنَا وَ ابْعَثْ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِكَ وَ
يُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَ الْحِكْمَةَ وَ يُزَكِّيْهِمْ ؕ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ
الْحَكِيْمُ ﴿١٢٩﴾

ترجمہ: اور یاد کرو، ابراہیم اور اسمٰعیل جب اس گھر کی دیواریں اُٹھا رہے تھے، تو دُعا کرتے جاتے تھے: ”اے ہمارے رب، ہم سے یہ خدمت قبول فرما لے، تو سب کی سننے اور سب کچھ جاننے والا ہے۔ اے رب، ہم دونوں کو اپنا مسلِم (مُطیع فرمان) بنا، ہمارے نسل سے ایک ایسی قوم اُٹھا، جو تیری مسلم ہو، ہمیں اپنی عبادت کے طریقے بتا، اور ہماری کوتاہیوں سے در گزر فرما، تُو بڑا معاف کرنے والا اور رحم فرمانے والا ہے۔ اور اے رب، اِن لوگوں میں خود اِنہی کی قوم سے ایک رسُول اٹھائیو، جو انھیں تیری آیات سنائے، ان کو کتاب اور حکمت کی تعلیم دے اور ان کی زندگیاں سنوارے۔ تُو بڑا مقتدِر اور حکیم ہے“۔ سورۃ البقرۃ (آیات ۱۲۶تا۱۲۸)

## **Leave of Absence**

Mr. Chairman: Senator Bushra Anjum Butt has requested for the grant of leave for $19^{th}$ to $22^{nd}$ and $23^{rd}$ May, 2025 during the $350^{th}$ Session due to personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Ahmed Khan has requested for the grant of leave for $19^{th}$ to $22^{nd}$ and $23^{rd}$ May, 2025 during the $350^{th}$ Session due to personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Mohammad Ishaq Dar has requested for the grant of leave for $23^{rd}$ May, 2025 during the $350^{th}$ Session due to official engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Muhammad Aslam Abro has requested for the grant of leave for $14^{th}$ to $15^{th}$, $22^{nd}$ and $23^{rd}$ May, 2025 during the $350^{th}$ Session and $10^{th}$ June, 2025 during current session due to personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Manzoor Ahmed has requested for the grant of leave for $22^{nd}$ and $23^{rd}$ May, 2025 during the $350^{th}$ Session due to personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Liaqat Khan Tarakai has requested for the grant of leave for the whole current Session due to illness. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur has requested for the grant of leave for the

10th June, 2025 during the current Session due to personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Rahat Jamali has requested for the grant of leave for 10th to 13th June, 2025 during the current Session due to personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Qurat-Ul-Ain Marri has requested for the grant of leave for 22nd and 23rd May, 2025 during the 350th Session due to personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Faisal Saleem Rehman, Chairman, Standing Committee on Interior and Narcotics Control may move Order No.02. On his behalf, Senator Shahadat Awan, please move Order No.02.

## Presentation of report on behalf of the Chairman, Standing Committee on Interior and Narcotics Control on [The National Occupational Health and Safety Bill, 2023]

Senator Shahadat Awan: I, on behalf of the Senator Faisal Saleem Rehman, Chairman, Standing Committee on Interior and Narcotics Control, present report of the Committee on the National Occupational Health and Safety Bill, 2023 introduced by Senator Dr. Zarqa Suharwardy Taimur on 27th November, 2023.

Mr. Chairman: Report stands laid. Senator Faisal Saleem Rehman, Chairman, Standing Committee on Interior and Narcotics Control may move Order No.03. On his behalf Senator Shahadat Awan, please move Order No.03.

**Presentation of report on behalf of the Chairman, Standing Committee on Interior and Narcotics Control on [The Code of Criminal Procedure (Amendment) Bill, 2024]**

Senator Shahadat Awan: I, on behalf of the Senator Faisal Saleem Rehman Chairman, Standing Committee on Interior and Narcotics Control, present report of the Committee on the Bill further to amend the Code of Criminal Procedure, 1898 the Code of Criminal Procedure (Amendment) Bill, 2024, introduced by Senator Fawzia Arshad on 10th June, 2024. (Insertion of new sections 344B, 344C, 344D and 344E in Cr.PC)

Mr. Chairman: Report stands laid. Senator Faisal Saleem Rehman, Chairman, Standing Committee on Interior and Narcotics Control may move Order No.04. On his behalf Senator Shahadat Awan, please move Order No.04.

**Presentation of report on behalf of the Chairman, Standing Committee on Interior and Narcotics Control on [The Anti-Terrorism (Amendment) Bill, 2024]**

Senator Shahadat Awan: I, on behalf of the Senator Faisal Saleem Rehman Chairman, Standing Committee on Interior and Narcotics Control, present report of the Committee on the Bill further to amend the Anti-Terrorism Act, 1997 [The Anti-Terrorism (Amendment) Bill, 2024], introduced by Senator Palwasha Mohammed Zai Khan on 2nd September, 2024.

Mr. Chairman: Report stands laid. Senator Faisal Saleem Rehman, Chairman, Standing Committee on

Interior and Narcotics Control may move Order No.05. On his behalf Senator Shahadat Awan, please move Order No.05.

**Presentation of report on behalf of the Chairman, Standing Committee on Interior and Narcotics Control on [The Shamilat Land Protection Bill, 2024]**

Senator Shahadat Awan: I, on behalf of the Senator Faisal Saleem Rehman Chairman, Standing Committee on Interior and Narcotics Control present report of the Committee on the Bill to provide for protection of Shamilat lands from encroachment by converting it in forests, parks, playgrounds and community centers in Islamabad Capital Territory [The Shamilat Land Protection Bill, 2024], introduced by Senator Palwasha Mohammed Zai Khan on 2nd September, 2024.

Mr. Chairman: Report stands laid. Order No.06, Senator Syed Mohsin Raza Naqvi, Minister for Interior and Narcotics Control. On his behalf Senator Azam Nazir Tarar (Minister for Law & Justice), please move Order No.06.

**Consideration and passage of [The Societies Registration (Amendment) Bill, 2025]**

Senator Azam Nazir Tarar (Minister for Law & Justice): I, on behalf of the Minister for Interior and Narcotics Control, move that the Bill further to amend the Societies Registration Act, 1860 [The Societies Registration (Amendment) Bill, 2025], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

Mr. Chairman: Is it opposed?

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ (وزیر برائے قانون و انصاف): جناب میں move کر رہا ہوں، میرے خیال میں یہ دونوں طرف سے pass ہو گیا تھا، Presidency سے اس پر ایک آدھ اعتراض آیا تھا، اس کے بعد اسے دوبارہ دیکھا ہے۔

جناب چیئرمین: آپ motion move کریں گے؟

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب میں نے move کیا ہے، یہ کمیٹی سے clear ہے، JUI(F) کی طرف سے کامران مرتضیٰ صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، Societies Registration Act والا Bill ہے، اب یہ دوبارہ آیا ہے۔

Mr. Chairman: I now put the motion before the House.

*(The motion was carried unanimously)*

Mr. Chairman: The motion is carried. We may now take up second reading of the Bill i.e. Clause by Clause consideration of the Bill. There is no amendment in Clause 2, so I put this Clause before this House. The question is that Clause 2, do form part of the Bill? Yes, Leader of the Opposition?

سینیٹر سید شبلی فراز (قائد حزب اختلاف): جناب چیئرمین! میری Law Minister صاحب سے استدعا ہو گی کہ اس Bill میں ایک لفظ استعمال ہوا ہے تو میرا خیال ہے کہ legislation میں جہاں ابہام ہو، وہ الفاظ استعمال نہیں کرنے چاہییں جو کہ confusion cause کریں۔ وزیر انصاف صاحب اس Bill میں ایک لفظ ہے "desirous", those who have registered or are desirous of registering, ان کو consider کیا جائے گا کہ جو education کا ادارہ ہے اس میں اس کی ضرورت نہیں ہو گی، اس بارے میں اگر ایک منٹ کے لیے تھوڑی سی وضاحت کر دیں۔

Mr. Chairman: Yes, Law Minister.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب چیئرمین! اس میں دو streams چل رہی تھیں، ایک stream وہ ہے جو وفاق المدارس کی ہے اور ان کا اپنا set-up ہے اور ان کے affiliated مدارس ہیں وہ Societies Registration Act کے تحت registration حاصل کرتے ہیں۔ دوسری stream National Action Plan کے تحت بنائی گئی جب پشاور APS کا واقعہ ہوا اور ساری قوم بیٹھی اور انہوں نے کہا کہ نہیں اس میں بھی ہمیں اب contemporary education, vocational education اور حکومت کی طرف سے کچھ تیار کردہ syllabus ہیں وہ introduce کرانے کی ضرورت ہے تاکہ یہ جو بچے اور بچیاں مدارس سے آ رہے ہیں انہیں عصر حاضر کے تقاضوں سے بھی ہم آہنگ کیا جائے، وفاق المدارس نے کہا کہ ہم بھی اس syllabus کو adhere کرتے ہیں۔ یہ دو streams چل رہی تھیں، پھر اس میں ایک shift آئی جس میں کہا گیا کہ یہ registration mandatory ہے اور ہزاروں مدارس اس سے register بھی ہوئے۔

In the middle of things, things were renegotiated اور یہ کہا گیا کہ جو مدارس وفاق المدارس کے اپنے internal set-up میں رہنا چاہتے ہیں وہ simultaneously Societies Registration Act کے تحت جو پرانا طریقہ ہے اس میں بھی رہ سکتے ہیں لیکن ظاہر ہے اس کی بھی requirements ہیں کہ Deputy Commissioner سے، District Security Committee سے وہ سارے SOPs vet کروائیں گے۔ یہ ہم نے ICT کی حد تک کیا کہ آپ Societies Registration Act کے تحت بھی register ہو سکتے ہیں اور وہ ادارے جو اس میں register ہیں یا ہونے کے خواہش مند ہیں they would continue پچھلے کے تحت جو کہ Directorate of Religious Education ہے لیکن چونکہ یہ بیچ میں ختم ہو گیا تھا تو اس لیے یہ اس stream میں بھی آ سکتے ہیں۔ اور بہت ساری جگہوں پر دونوں streams چل رہی ہیں یعنی کہ آپ ایک Directorate میں بھی register ہو سکتے ہیں اور دوسرے میں بھی ان کی requirements ملتی جلتی ہیں، جو Proformas ہیں ان میں کچھ فرق ہے لیکن بنیادی مقصد یہی ہے کہ جو بچے بچیاں مدارس میں پڑھ رہے ہیں، انہیں موجودہ زمانے کی تعلیم

بھی فراہم کی جائے، ان کے لیے اساتذہ کا بندوبست بھی ہو جائے اور اس کے لیے ایک
sir, that is why it has been said that ہو، unified syllabus
either آپ وہاں رہیں یا یہاں رہیں، جو خواہش مند ہیں وہ جا سکتے ہیں۔

Mr. Chairman: Thank you. The question is that Clause 2, do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Clause 2 stands part of the Bill. We may now take-up Clause 1, the preamble and the title of the Bill. The question is that Clause 1, the preamble and the title of the Bill do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The motion is carried. Clause 1, the preamble and the title stands part of the Bill. Order No.7, Senator Syed Mohsin Raza Naqvi, Minister for Interior and Narcotics Control, on his behalf honourable Minister for Law, please move Order No.7.

Senator Azam Nazeer Tarar: I, on behalf of Minister of Interior and Narcotics Control wish to move that the Bill further to amend the Societies Registration Act, 1860 [The Societies Registration (Amendment) Bill, 2025], be passed.

Mr. Chairman: I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The Bill stands passed unanimously. Order No.8, consideration of the following motion moved by Senator Muhammad

Aurangzeb, Minister for Finance and Revenue, on 10th June, 2025:-

"That the Senate may make recommendations to the National Assembly on the Finance Bill, 2025, containing the Annual Budget Statement, as required under Article 73 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan."

Now the speeches are started, time limit is 15 minutes for Parliamentary Leaders and 7 to 10 minutes for the Members. I now give the floor to Leader of the Opposition to open the debate on the budget.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب چیئرمین! اسرائیل اور ایران کے درمیان جو حالات ہیں وہ خطے کے امن کے حوالے سے کافی سنجیدہ ہے، Leader of the Oppositionاگر اس پر بھی بحث open کرنا چاہیں۔

## Discussion on the Finance Bill (2025-26)

### Senator Syed Shibli Faraz, Leader of the Opposition

سینیٹر سید شبلی فراز (قائد حزب اختلاف): بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ حَسْبِيَ اللّٰهُ وَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ۔ جناب چیئرمین! آپ کا شکریہ کہ آپ نے مجھے بات کرنے کا موقع دیا۔ آج اسرائیل کے ایران پر حملہ کرنے سے جو صورت حال پیدا ہوئی ہے اس سے خطے میں ایک بار پھر عدم استحکام پیدا کر دیا گیا ہے، ہم اس کی سختی سے مذمت کرتے ہیں، کسی بھی ملک پر، جس طرح سے ہمارے ملک پر انڈیا نے بلا جواز اور unprovoked attack کیا اور اس کا پھر ہم نے موثر طریقے سے جواب دیا، اسی طرح سے ایران نے اپنے دفاع میں counter attack کیا، اس وقت جب ہم بات کر رہے ہیں تو وہاں پر دونوں ممالک کے درمیان ایک غیر یقینی صورت حال نے جنم لیا ہے۔ اس سے کئی مسائل پیدا ہوں گے، ہمارے ملک کے لیے بھی ہوں گے، چونکہ یہ بجٹ اجلاس ہے تو economically speaking اس حملے کی وجہ سے international

markets میں پٹرولیم کی قیمت 08 ڈالر فی بیرل بڑھ گئی ہے۔ آج کل کے وقت میں جب کسی بھی ملک میں کوئی واقعہ ہوتا ہے تو اس کی repercussions وہ تقریباً عالمی طور پر محسوس کی جاتی ہیں، خاص طور پر ہمارا ملک جو معاشی طور پر بہت ہی کمزور پاؤں پر کھڑا ہے، ہماری معاشی سمت، ہماری معاشی حکمت عملی، ہماری معاشی priorities انتہائی ناقص ہیں، ground realities کو مد نظر نہیں رکھا گیا ہے اور ہماری معاشی پالیسیاں پچھلے تین سالوں سے جو بجٹ آئے ہیں اور یہ چوتھا بجٹ ہے اس installed حکومت کا، PDM-I and PDM-II کا، جس نے ہماری کمزور اکانومی کی اینٹ سے اینٹ بجا دی ہے۔

یہ بجٹ ایک ایسا بجٹ ہے جس نے پچھلے تین بجٹوں کا ریکارڈ توڑ دیا ہے، اپنی نااہلی، غیر ذمہ داری، غیر professionalism اور غیر سیاسی بجٹ دیا ہے۔ اس بجٹ کی ایک خاص بات یہ ہے کہ یہ پیدائشی طور پر ہی controversial ہو گیا ہے۔ controversial کس وجہ سے ہوا ہے کہ آج کل کے دور میں جب information بڑی آسانی سے مل جاتی ہے، جو معاشی اعداد و شمار دیئے گئے ہیں ان پر کافی سوالات اٹھ رہے ہیں۔ Budget کی جو sanctity ہے، numbers کی جو sanctity ہے وہ اس وقت compromised لگتی ہے۔ یہ کہہ سکتے ہیں کہ یہ budget اعدادو شمار کی ہیرا پھیری ہے پہلے کبھی اس طرح کی serious observations, objections نہیں آتی تھیں کسی کے بھی budget کے اعدادو شمار پر جتنی اس دفعہ آئی ہیں۔ وجہ سمجھ میں آتی ہے کہ ایک ایسی حکومت جو کہ اعدادو شمار کو manipulate کرتے ہوئے آئی۔

8th February کے elections میں جس طرح سے figures کو اوپر نیچے کیا گیا۔ ساٹھ ہزار کی جگہ اس کے ساتھ ایک لگا دیا وہ ایک لاکھ ساٹھ ہزار ہو گیا۔ کاغذ جس طرح Spanish میں کہتے ہیں .(Spanish) کاغذ کبھی بھی احتجاج نہیں کرتا اور نہ ہی protest کرتا ہے تو کاغذ پر آپ جو بھی لکھ دیں لیکن جو اصل چیز ہوتی ہے وہ ہوتی ہے عوام کی pulse. وہ حکومت، وہ کام جس میں عوام کی رائے شامل نہ ہو اس کو کبھی بھی پذیرائی نہیں ملتی ہے۔ اس میں وہ moral strength ہی نہیں ہوتی ہے، یہ کام انہوں نے budget میں بھی کیا اور Finance Minister نے خود، یہ میں quote کر رہا ہوں

یہ میں کوئی اپنی ذاتی بات نہیں کر رہا ہوں۔ انہوں نے اس کو خود مزید مشکوک بنا دیا۔ ایک انگریزی اخبار ہے وہ لکھتے ہیں ان کی headline ہے۔

جناب چیئرمین! ان کی headline ہے وہ لکھتے ہیں، ready to have the GDP projection proved by committee, Aurangzeb says, he owns data released in economic survey. Economy is experiencing gradual recovery after IMF deal. یہ تو ہو گیا ایک tacit admission that there is something wrong with the GDP figures and it is not just the...

جناب چیئرمین: Finance Minister آپ نے سن لیا ہے؟

سینیٹر سید شبلی فراز: It is what comprises of GDP, overall budget کے جو مختلف driving tools ہوتے ہیں economy کے اس کا ایک مرکب ہوتا ہے تو جب آپ figures کو دیکھیں یہ بالکل ایسا ہے کہ عام الفاظ میں سمجھانے کے لیے کہ ایک degree ہے اور اس کے subjects ہیں, Mathematics fail, Biology fail, English fail, فلانا fail, دوسرے پر average number اور آپ کہیں کہ first division آ گئی ہے۔ جب numbers کو add کریں تو وہ تو fail کا تاثر دیتا ہے۔

آپ کے جو main economic drivers ہیں وہ کون سے ہیں؟ وہ ہیں agriculture, industry, services, inflation. اگر آپ ان figures کو دیکھیں پہلے تو 2022 کو ہماری حکومت کا تختہ الٹا گیا ایک سازش کے تحت تو ان کو امید اس وجہ سے تھی کہ اسی economic tide پر ride کرتے ہوئے یہ آگے جائیں گے اور اگر ان کا یہ کہنا تھا کہ اس حکومت میں مہنگائی زیادہ ہو گئی ہے 12.8% اس وقت مہنگائی تھی۔ COVID کا زمانہ تھا اور اس وجہ سے جو بھی عالمی supply chains میں disruptions آئی تھیں اس کے باوجود ہماری حکومت نے 6% کی 6.2% if I am not wrong, yes, 6.2% کی GDP growth تھی۔ پھر جو agriculture تھا وہ 2022 میں 4.2% تھا اور اب 0.6% میں. Agriculture 24% GDP contribute کرتا ہے۔ ہماری

economy کا main-stay ہمیشہ agriculture رہا ہے۔ ہمارے cash crops, ہماری بائیس، پچیس کروڑ عوام یہ employment بھی create کرتا ہے۔ یہ ایک economic activity بھی create کرتا ہے اور یہ اس ملک کی عوام کے لیے کھانا بھی مہیا کرتا ہے۔

اب جس طرح کی policies دی گئی ہیں، policies تو ہیں نہیں knee jerk reactions ہیں۔ آپ نے دیکھا پچھلے سال گندم کے ساتھ کیا ہوا کہ ایک transition کیے بغیر آپ overnight فیصلہ کرتے ہیں، پنجاب حکومت یہ فیصلہ کرتی ہے کہ support price remove کر دی گئی ہے تو وہاں کے کسانوں کو گندم سڑکوں پر کھڑے ہو کر ضائع کرنی پڑی۔ ان کو تقریباً 4-5 trillion rupees کا نقصان ہوا۔ کاشتکار کی تو آپ نے کمر توڑ دی۔ اسی طرح جو ہماری باقی فصلیں ہیں انہوں نے بھی اس سال contraction کی۔ وجوہات آپ جو بھی دیں ہم اس کی بات نہیں کر رہے ہیں۔ لوگ ڈر گئے کہ ان کا تو کوئی پتہ نہیں ہے کہ ایک دن پہلے ہماری جو main cotton crop ہے، ہماری جو maize ہے، ہماری جو wheat ہے۔ ان کی جو pricing ہے اس کی supply chain سب کو disrupt کر دیا گیا ہے تو ایک element of uncertainty create کر دیا گیا agriculture sector میں، نتیجہ یہ ہوا کہ وہ contract ہو گئی اور ابھی خبریں یہ ہیں کہ ہمیں import کرنی پڑیں گی۔ Cotton تو ہم import کر ہی رہے ہیں billions of dollars ہم foreign exchange پر ضائع کریں گے۔ اپنی ناقص policies کی وجہ سے کسان دشمن policies کی وجہ سے، اپنے خاص لوگوں کو فائدہ پہنچانے کے لیے۔ کبھی export کریں گے پھر اسی چیز کو import کریں گے۔ So, there is someone who is making money.

اس کے بعد جب آپ دوسری figure لیں وہ ہے industry کی، industry ہمارے زمانے میں 7% grow کر رہی تھی in 2022 اور اس دفعہ انہوں نے figures دیے ہیں 4.8. انہوں نے جو budget میں figures دیے ہیں وہ 4.8 ہیں، اب 4.8 جب specially large scale manufacturing مسلسل contract ہو رہی ہو چاہے وہ Pakistan Business Council ہو، چاہے وہ باقی independent journalists ہوں،

economistsہوں۔ وہ ہم نے دیکھا کہ وہ سکڑ رہی ہے، negativeمیں ہے اور یہ آخری quarterمیں 4.8دکھا رہے ہیں۔ ایسا کون سا جادو ہو گیا جس سے یہ بڑھ گئے، اس سے تاثر ملتا ہے کہ یہ figures manipulatedہیں۔ یہ genuine figuresنہیں ہیں، یہ ground figuresنہیں ہیں۔

آپ اس مضمون میں فیل ہوئے ہیں اور آپ نے دکھایا ہے کہ آپ اس میں پاس ہوئے ہیں۔ Large scale manufacturingجو کہ بہت بڑا contributor ہے، آپ کی industryاس میں employment بھی آتی ہے، اس میں ہر چیز آتی ہے۔ وہ آپ نے ختم کر دی تو large scale manufacturing industry, number one industryکی policyہی نہیں ہے۔ There is no industry policy in this Country, which is by design not by default.اس ملک میں industrializationکو discourageکیا گیا ہے جو existing industry بھی ہے اس پر بھی جس طرح کے steps لیے گئے ہیں وہ anti-industriesہیں۔ ہم industrialistکے word کو useنہیں کرنا چاہتے because industrialist has a very negative connotation and when you compare them with the poor peopleتو industrialistلگتا ہے کہ بہت powerful بھی ہوتا ہے اور ہوتا بھی ہے۔ یہ industryجو کہ کئی ایسی industries ہیں۔

ہمارے وقت میں آپ کو فیصل آباد میں لیبر نہیں ملتا تھا۔ Full capacity پر چل رہے تھے۔ اس لیے ہم نے یہ 7% کی growthکی۔ وہاں پر آپ کو فیکٹریز میں لیبر نہیں ملتا تھا۔ آج فیکٹریز بند ہو رہی ہیں۔ آپ اس بات کو confirm کر لیں۔ یہ کوئی ہوائی باتیں نہیں ہیں۔ فیکٹریز بند ہو رہی ہیں۔ اس کی بھی مختلف وجوہات ہیں۔ کچھ Industries ایسی ہیں جو exportکے لیے raw material import کرتی ہیں۔ آپ بانسریاں بجائیں یا بڑے بین بجائیں کہ ہمارا Foreign Exchange بڑا stable ہو گیا ہے۔ Foreign Exchange Reserves اتنے بڑھ گئے ہیں۔ ادھر بینک سے قرضہ لیا ہے اور ادھر سے قرضہ لیا ہے۔ کہتے ہیں کہ ہم تو بڑے امیر لوگ ہیں۔ یہ false ہیں۔ یہ دکھاوا ہے۔ یہ بالکل ایک ایسے شخص کی مثال ہے جو کہ bankrupt ہو لیکن دوست مل کر

اس کی اکاؤنٹ میں پیسے ڈال دیں۔ وہ جب چاہیں وہ واپس کھینچ بھی سکتے ہیں۔ آپ نے اس کی basis پر اپنے بنک کے reserves لگوائے ہوئے ہیں۔ آپ نے پچھلے سال مارکیٹ سے پانچ ارب ڈالرز خریدے ہیں۔ اب جب آپ نے مارکیٹ سے وہ ڈالر خرید لیے جو کہ عام لوگ بھی مارکیٹ سے خرید سکتے ہیں and very artificially building your reserves. LC کھل نہیں سکتی تو Industries کو 4.8% آپ نے کیسے grow کیا ہے۔ جب آپ کے raw material کی import کے لیے LC کھل نہیں رہی ہیں۔ آپ نے کنٹرول کیا ہوا ہے کہ آپ LC نہیں کھول سکتے ہیں۔ اس کو آپ ترقی کہتے ہیں؟ آپ بڑے selectively کچھ بڑے جو well heeled ہیں ان کو آپ دے دیتے ہیں۔ لیکن عام businessmen کو آپ نہیں دیتے۔ آپ بینک سے یہ پتا کر لیں۔ میں Banker رہا ہوں۔ میں ان چیزوں کو جانتا ہوں کہ how it works, how it is working and how it should not be work? جب انڈسٹریز پر آپ اتنے ٹیکس لگاتے ہیں۔ آپ نے ایسے taxation کی ہوئی ہے جیسا کہ یہ جرمنی ہو۔ بھئی! جرمنی ایک law abiding, ایک proper established democratic Government ہے۔ وہاں پر Rule of Law ہے۔ وہاں پر آئین ہے۔ وہاں پر تعلیم اور skills ہیں۔ وہاں پر health ہے۔ آپ pertain نہیں کر سکتے ہیں کہ آپ کوئی بہت advance nation ہیں۔ Health کا تو آپ نے بیڑا غرق کر دیا ہے۔ تعلیم کا تو نام ہی نہ لیں۔ ان ساری چیزوں کے لیے کوئی پالیسی اور direction نہیں ہے۔ انہوں نے بس بجٹ پیش کر دیا کہ یہ یوں ہوگا اور یہ یوں ہوگا۔ یہ قرضوں اور IMF کا بجٹ ہے۔ This is not from a true elected representatives of the people and that's why, this budget doesn't reflect the reality of Pakistan. نہ یہ بجٹ عوام دوست ہے۔ یہ عوام کُش اور عوام دشمن بجٹ ہے۔ ایسا بجٹ جو کہ آپ IMF کی conditions پر بنائیں گے تو آپ کب تک بے ساکھیوں پر چلیں گے۔ جو قومیں بے ساکھیوں پر چلتی ہیں وہ چل تو لیں گے مگر دوڑ نہیں سکتیں۔ آپ ہمیں یہ نہ بتائیں کہ ہم اس ملک کو Asian Tiger بنائیں گے اور اس کو ہم South Asian خطے کا فلانا بنا دیں۔ یہ سارے کھوکھلے نعرے ہیں۔ ہم نے یہ نعرے بہت سنے ہیں۔ ہم نے Planning and Development کے منسٹر سے اس قسم کے نعرے بہت سنے ہیں۔ اس طرح کے بھاشن اس نے ہمیں بہت دیے ہیں اور یہ چورن وہ بیچتا رہا ہے۔ I wish he was here,

وہ بیٹھ کر صرف we would ask him some real time questions. پریس کانفرنسز کرتا رہتا ہے۔ پاکستان تحریکِ انصاف اور انڈیا کو اکٹھا ملا دیا۔ He should be ashamed of himself. اُس کو شرم آنی چاہیے۔

(مداخلت)

سینیٹر سید شبلی فراز: آپ ہمیں پاکستان کا دشمن بنا رہے ہیں اور آپ شرم کی بھی بات نہیں کرتے۔ Please don't disturb me. یہ بات ریکارڈ پر ہے۔ یہ ایسی ویسی بات نہیں ہے۔ یہ حقیقت ہے۔ میں نے Planning and Development کے وزیر کا نام بھی نہیں لیا۔ وہ اپنے آپ کو ایک پروفیسر کہتا ہے۔ ہم اس کو ارسطو کہتے ہیں۔ انڈسٹریز پر واپس چلتے ہیں۔ اس چیز پر میں بعد میں آؤں گا۔ پھر services ہیں۔ ہمارے وقت میں 6.7% تھی اور اب 2.9% ہے۔ جناب چیئرمین! فنانس منسٹر ذرا ہمیں یہ بتائیں گے کہ کیسے جب یہ ساری چیزیں نیچے جا رہی ہوں تو services کیسے بہتر ہو سکتی ہیں۔ جب ایک ملک جس میں انٹرنیٹ بند ہوں اور اس قسم کی restrictions ہوں تو وہاں پر services کیسے بہتر ہو سکتی ہیں۔ جتنی بھی ہماری service related streams ہیں وہ کیسے آگے جائیں گی۔ کیسے GDP 2.7 ہوگا؟ جبکہ جس طرح میں نے کہا کہ آپ زیادہ تر پرچوں میں فیل ہوئے ہیں۔ آپ 1st division پر تو نہ جائیں۔ آپ کہیں کہ میں نے 33% نمبروں پر پاس کیا ہے یعنی زیرو پر۔ تو پھر ہم مان لیں گے۔ وہ اس وجہ سے ہوا ہے کہ آپ میں وہ اہلیت ہی نہیں ہے۔ آپ فارم 47 کی حکومت ہیں۔ آپ حقیقی نمائندے نہیں ہیں۔ جب حقیقی نمائندے بیٹھے ہوتے تو وہ اس قسم کا بجٹ نہ دیتے۔ حقیقی نمائندوں نے اپنے حلقوں میں جانا ہوتا ہے۔ وہ اپنے عوام کو جواب دہ ہوتے ہیں۔ جب آپ جواب دہ نہیں ہوں گے تو پھر آپ کو کس چیز کی پرواہ ہے۔ آپ تو پھر اشرافیہ کے مفادات کا تحفظ کریں گے۔ وہ تو آپ بڑی اچھی طرح سے کر رہے ہیں اور کرتے آئیں ہیں۔ جناب چیئرمین! یہ بجٹ غریبوں کے لیے نہیں ہے۔ غریب اس لیے matter کرتے ہیں کہ آپ ان کا خون چوس سکیں۔ جتنے بھی taxation ہوئی ہے وہ ساری ان لوگوں پر ہوئی ہے جن سے آپ ٹیکس وصول کرتے آئے ہیں۔ اتنی اہلیت آپ میں ہے ہی نہیں کہ آپ tax net کو widen کریں۔ آپ wealth creation کریں۔ آپ industrialization کریں۔ آپ IT sector میں جائیں۔ پاکستان سے کتنے لوگ اپنا business اٹھا کر دبئی چلے گئے یا اور مختلف ممالک میں چلے گئے۔

جناب چیئرمین! ایک overall جو تاثر ملتا ہے وہ منسٹر صاحب بتائیں گے لیکن عوام، جتنے economists ہیں وہ یہ سمجھتے ہیں کہ یہ figures, fudged figures ہیں۔ ڈالرز اکٹھے کرنے کا ایک ہی طریقہ ہوتا ہے۔ آپ کی export and import ہیں جو کہ بری طرح سے گری ہیں۔ LC جب کھلے گی نہیں تو import کیسے ہو گی۔ جب raw material نہیں آئے گا تو آپ export کو کیسے بڑھائیں گے۔ ہم نے ریکارڈ export چھوڑی تھی۔ یہ لوگ جو کہ زیادہ تر businessmen ہیں انہوں نے یہ بیڑا غرق کر دیا ہے۔ مجھے معلوم نہیں ہے کہ انہوں نے ماشاء اللہ اپنی اگلی دس پشتوں کو بھی محفوظ بنایا ہوگا۔ اب اس ساری صورت حال نے کیا پیدا کیا ہے۔ وہ ہے کہ ایک massive unemployment, لوگ سطح غربت سے کتنے نیچے چلے گئے اس کے بارے میں بھی میں آپ کو بتا دیتا ہوں۔ جناب چیئرمین! یہ World Bank کے figures ہیں یہ PTI کے figures نہیں ہیں۔ That additional 61 million people have been pushed down below poverty line since 2022. یعنی 61 million, چھ کروڑ ایک لاکھ افراد کا مزید اس میں اضافہ ہوا۔ almost 42.4% overall to 110 half of the population ہو گئی ہے۔ وہ سطح غربت میں ہیں۔ یعنی آپ کے آدھے ملک کی population سطح غربت سے نیچے ہے۔ Sir, this is extremely alarming of population of 225 million people of which almost 50% is below the poverty line. اس ملک میں آپ کیسے expect کر سکتے ہیں کہ لوگ اپنا مستقبل دیکھیں گے۔ یہ تو کوئی افریقی sub-Saharan ملکوں کی figures لگ رہی ہیں۔ یہ معمولی بات نہیں ہے۔ جب اتنے غریب پھر رہے ہوں گے تو آپ کا law and order کیا ہوگا۔ وہ تو جس طرح فراز صاحب نے کہا:

میں آنے والے زمانوں سے ڈر رہا ہوں فراز
کہ میں نے دیکھی ہیں آنکھیں اُداس لوگوں کی

یہ شعر انہوں نے کہیں 80s یا 90s میں لکھا ہوگا جبکہ اب یہ صورتحال ہم اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے ہیں۔ ایک تو سطح غربت ہے جبکہ دوسری بے روزگاری ہے۔ بے روزگاروں میں 14 ملین کا یعنی ڈیڑھ کروڑ کا مزید اضافہ ہوا ہے جو کہ history میں پچھلے دوسالوں کے دوران fastest ہے۔ بے روزگاری 22 فیصد ہے۔ It is very alarming. یہ بہت

تشویشناک ہے۔ پھر اس میں youth جو کہ اس ملک کا مستقبل ہے، جس نے اس ملک کو آگے لے جانا ہے، 15 سے 24 سال کے جو نوجوان ہیں، ان کا unemployment rate, 29% ہے۔ This is a deadly combination. ایک نوجوان جسے ملک میں مستقبل نظر نہ آرہا ہو، وہ غربت کا شکار ہو، نوکری نہ مل رہی ہو تو اس سے آپ کیا expect کریں گے۔ میں نے جنوبی امریکہ کی جتنی guerrilla movements دیکھی ہیں، وہ بنیادی طور پر انہی fertile grounds کی وجہ سے سامنے آئیں کہ وہ غلط راستہ اپنائیں۔ This is a cannon fodder for all the wrong activities. ہم 29 فیصد کی بے روزگاری پر پہنچ گئے ہیں۔ یہ بات سمجھ میں نہیں آتی کہ پاکستان کی پوری history میں ایسا نہیں ہوا جبکہ انہوں نے ہمیں دو سالوں میں یہ دیا ہے۔ یہ ان کی expertise ہے جو کہ پچھلے چالیس سالوں سے حکومت کر رہے ہیں اور آج ملک کو کدھر لے آئے ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ نہ کوئی direction ہے، نہ vision ہے، نہ policy ہے، نہ وہ commitment ہے اور نہ وہ legitimacy ہے۔ They are fighting for their legitimacy. جب وہ نہیں ہوگی تو ظاہر ہے آپ میں نہ وہ motivation ہوگی، نہ وہ responsibility ہوگی کیونکہ آپ تو اُڑ کر آگئے اور بیٹھ گئے۔ آپ نے دودھ میں پانی ملایا اور اتنا پانی ملایا کہ وہ دودھ نہیں رہا، وہ بس پانی ہے اور اس کا تھوڑا سا grey سا رنگ رہ گیا ہے۔ یہ حالت ہے۔

ہر چیز کی ایک حد ہوتی ہے۔ آپ ایسے اقدامات کریں کہ اس ملک کی معیشت میں بہتری آئے۔ آپ تو اپنے پیسے باہر لے گئے لیکن ہم کیا کریں اور پاکستانی عوام کیا کریں؟ Majority کیا کرے؟ ان کو تو دو وقت کی روٹی نہیں ملتی۔ ان کے لیے health facilities نہیں ہیں۔ یہ تو شکر ہے کہ خیبر پختونخوا میں ہم نے 'صحت کارڈ' شروع کیا جس کی وجہ سے لوگوں کو کم از کم صحت کی پروا نہیں ہے۔

(ڈیسک بجائے گئے)

سینیٹر سید شبلی فراز: پھر جب ایسی صورت حال ہوگی تو آپ کا جوان یا وہ لوگ جو پیسا رکھتے ہیں، وہ باہر جائیں گے۔ کوئی کشتیوں میں مر جائیں گے، کچھ راستے میں خوار ہو کر پکڑے جائیں گے، جیلوں میں چلے جائیں گے۔ آپ کے اپنے NAB نے accept کیا تھا کہ 27 ہزار

families یا پھر individuals دوسرے ملکوں کی nationality کے لیے نکل گئے ہیں۔ یہ آپ کے NAB کے چیئرمین نے کہا تھا۔ پچھلے دو سالوں میں اس ملک سے 30 لاکھ کے قریب لوگ چلے گئے۔ اگر آپ اندازہ کریں تو یہ rough figures تقریباً 50 ارب ڈالرز ہوں گے، ظاہر ہے کہ جو باہر پیسے دے کر جاتے ہیں، چالیس چالیس لاکھ، پچاس پچاس لاکھ، وہ تو آپ نے brain drain بھی کر دیا، آپ نے flight of capital بھی کر دیا جبکہ حکومت اسی بات پر خوش ہے کہ foreign remittances آ رہی ہیں۔ یہ foreign remittances وہی لوگ بھیج رہے ہیں جن کو PDM-I نے پہلی مرتبہ آ کر پہلے جو دو قوانین منسوخ کیے، ایک NAB law تھا اور دوسرا، overseas کو ان کے voting rights سے محروم کیا۔ آپ کے وزیر دفاع کہتے ہیں کہ یہ لوگ تو اپنے باپ دادا کی زمینیں بیچ کر چلے جاتے ہیں، پھر ان کی dead bodies دفن ہونے کے لیے یہاں آتی ہیں۔ آپ کے ہاں ان کی یہ قدر ہے جبکہ وہی آپ کو پیسے بھیج رہے ہیں۔ وہ نہ بھیجتے تو آپ کی تو کوئی exports بھی نہیں ہیں۔ تیسری چیز foreign direct investment ہوتی ہے جو کہ نہ ہونے کے برابر ہے۔ صرف 10%، یہ GDP کا کتنے فیصد ہے؟ آپ کہتے ہیں کہ ہمارا ہدف 400 ارب روپے کا ہے۔ آپ اپنے ہمسایوں کو دیکھیں۔ Don't compare yourself with yourself. Don't compare yourself with the worst. آپ اپنی حالت دیکھیں۔ آپ سے تو افغانستان کی کرنسی بھی زیادہ strong ہو گئی ہے جو کہ پیٹیوں میں اپنے نوٹ لاتے تھے۔

یہ ساری صورت حال انتہائی تشویشناک ہے۔ اس کے ذمہ دار یہی لوگ ہیں۔ یہ آخری دھکا جو انہوں نے دیا ہے، یہ اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے جو کہ یہ پچھلے چالیس سالوں سے کر رہے ہیں۔ اپنی جائدادیں بنائے جاؤ، عوام کو مارو، انہیں اپنے حالات پر چھوڑو اور ان کا جتنے خون نکال سکتے ہو، نکالو۔ انہوں نے تو pensioners کو بھی نہیں چھوڑا، ان پر بھی taxation کی ہے۔ ایک ایسا rigmarole کیا ہے، ایک ایسی ہیرا پھیری کی ہے کہ جس سے نہیں بھی ہے اور ہے بھی۔ They have excelled in confusion. آپ نے تو کسی طبقے کو نہیں چھوڑا۔ آپ نے پچھلے سال teachers پر taxes لگائے اور اس سال بھی۔ پچھلے سال students کی اسٹیشنری پر ٹیکس لگائے۔ کیا آپ کو priorities کا پتا نہیں کہ اس ملک میں کتنے لوگ out of school ہیں۔ 25 ملین کی figure ہے۔ I may be

incorrect, I am sorry if I am but massive number of children are out of school. آپ نے اسٹیشنری کے تمام items پر، pens and pencils پر ٹیکس لگادیا۔ آپ نے کچھ سوچا ہے؟ That is why being an ex-banker, I firmly believe, no pun intended, you are just like my brother, I know you much before you became the Minister, you are an outstanding banker. Bankers are not cut out for economy. وہ دو جمع دو چار کے قائل ہوتے ہیں۔ وہ یہ سوچتے ہیں کہ deposits کیسے بڑھانے ہیں اور profits کیسے بڑھانے ہیں۔ ان کا صرف یہی objective ہوتا ہے۔ دوسری طرف، آپ نے economy میں correlate کرنا ہوتا ہے کہ آپ کے کسی بھی action کا effect کیا ہوگا۔ بظاہر، ایک مخصوص وقت میں اگر اچھا بھی ہو لیکن negative ہوسکتا ہے۔ جس کے بارے میں آپ سمجھ رہے ہوں کہ negative ہو، وہ ultimately positive ہوتا ہے۔ لٰہذا، ہم نے بھی رکھا تھا۔ I have no personal issues against anybody. This is something that has been given to because بینکوں سے قرضہ لیتے ہیں، بینکرز اس کو manage کرتے ہیں۔ That is why we have most of our Finance Ministers from banking sector. This is wrong. اس کی وجہ یہ ہے کہ جب تک آپ کو social sector کا اور correlationing کا اندازہ نہیں ہوگا، جب تک آپ political سوچ نہیں رکھیں گے، آپ کے پاس vision نہیں ہوگا تو معاملہ آگے نہیں چلے گا۔ آپ صرف books کو balance کرسکتے ہیں، اور کچھ بھی نہیں کرسکتے۔ وہی سب کچھ اس بجٹ میں نظر آتا ہے۔

Mr. Chairman: Please, try to wind up.

Senator Syed Shibli Faraz: No, Sir. I have to talk a lot.

یہ سارا کچھ کیا ہورہا ہے؟ Probably, you have become uneasy because I have started criticizing the Government. It is understandable. It does not matter. ہمارے ملک میں اس وقت institutional decay ہوگیا ہے۔ ادارے dysfunctional ہوچکے ہیں۔ اداروں

کا جو specialized کام ہے، وہ نہیں کر رہے۔ ہماری غلط پالیسیوں کی وجہ سے، ہمارے lack of vision کی وجہ سے اور ہماری insensitivity کی وجہ سے ہم نے ایک ایسا ماحول بنا دیا ہے جس میں ادارے کام نہیں کر رہے۔ اب آپ دیکھ لیں، important ادارے کون سے ہوتے ہیں۔ ایک ادارہ اسٹیٹ بینک ہوتا ہے، ویسے ادارے تو سارے important ہیں لیکن economy کے context میں Security Exchange Commission ہوتا ہے اور Competition Commission of Pakistan ہے۔ ان سب سے زیادہ اور economic related اداروں سے بھی اہم جو ادارہ ہے، وہ الیکشن کمیشن آف پاکستان ہے۔ الیکشن کمیشن آف پاکستان جو کہ اربوں کے فنڈز لیتا ہے، اس نے جو انتخابات کرائے، اس کا حشر آپ نے دیکھا، فریق بن گئے۔ الیکشن کمیشن کا جو main constitutional mandate ہے، وہ ہے free, fair and transparent election کرانا۔ میں سائنس و ٹیکنالوجی کا وزیر تھا۔ عمران خان کی instructions پر ہم نے Electronic Voting (EV) develop کی، انہوں نے کہا کہ مجھے تین مہینے میں یہ چاہیے۔ انہوں نے دیکھ لیا ہے کہ اس ملک کی بیماریوں کی جڑ کیا ہے اور بیماریوں کی جڑ یہ تھی کہ ہمیشہ ادھر rigged elections ہوئے ہیں۔ ہم نے فیصلہ کیا کہ ایک ایسی ٹیکنالوجی کا استعمال کریں جس سے election transparent بھی ہو، accurate بھی ہو اور acceptable بھی ہو۔ جو ہارتا تھا وہ accept نہیں کرتا، جو جیتا ہے، اس کی جیت controversial ہو جاتی ہے، hence they are not able to perform like our friends, who are sitting in the treasury benches. الیکشن کمیشن آف پاکستان اپنے constitutional role کو ignore کرتے ہوئے ایک فریق بن گیا ہے۔ Partisan چیف الیکشن کمشنر ریٹائر ہو چکے ہیں لیکن بیٹھے ہوئے ہیں۔ وزیر اعظم نے خط بھی لکھ دیا لیکن date نہیں لکھی کہ ان کے ناموں کی کمیٹی کی میٹنگ کب ہو گی۔ You don't want free and fair elections because آپ کو پتا ہے کہ آپ کہاں پہ کھڑے ہوئے ہیں۔ آپ کی سیاست دفن ہو چکی ہے، نیا پاکستان بن چکا ہے۔ لوگ اب اس طرح نہیں رہے کہ آپ نے جس طرف ہانک دیا، وہ ہانک جائیں گے۔ الیکشن کمیشن آف پاکستان کی audacity دیکھیں کہ وہ سپریم کورٹ کے decisions کو implement نہیں کرتا۔ مخصوص نشستوں کے حوالے سے ہمارے خیبر پختونخوا کے لوگوں کو ہماری

representation سے deny کیا جارہا ہے۔ آج یہ ہاؤس نامکمل ہے، شروع دن سے نامکمل تھا۔ آپ دوسرے صوبوں میں الیکشن کرا رہے ہیں۔ آپ نے خیبر پختونخوا کے ثانیہ نشتر کی سیٹ کا الیکشن نہیں کرایا۔ آپ نے باقی نشستوں کے الیکشن نہیں کرائے۔ یہ آپ prove کیا کرنا چاہتے ہیں؟ You claim to be democratic?

جناب! آپ تو اس field میں بڑا عرصہ رہے ہیں، ہم تو relatively بہت نئے ہیں۔ آپ کس طرح سے اپوزیشن کو ignore کرتے ہیں۔ اپوزیشن کو کس حقارت سے آپ دیکھتے ہیں۔ کیا یہ democracy ہے؟ کن چیزوں میں لیڈر آف اپوزیشن کو آپ مشاورت میں شامل کرتے ہیں، دیکھ لیں۔ جناب! ہمارا ایک سینیٹر اعجاز چوہدری جیل میں ہیں۔ پچھلے ایک سال سے ہم کہہ کہہ کر تھک گئے، خط لکھ لکھ کر پتا نہیں کتنے گیلن سیاہی استعمال ہوئی ہے لیکن اس کا کچھ نہیں ہے اور ہو بھی گیا implement نہیں ہوا۔

وقار مہدی صاحب نہیں آئے آج، کئی لوگ نہیں آئے ہیں۔

جناب چیئرمین: آئے ہوئے ہیں۔

سینیٹر سید شبلی فراز: کیونکہ ان کو پتا ہے کہ ہزیمت اٹھانی پڑے گی۔ وقار مہدی صاحب بڑے respectable آدمی ہیں، مجھے نہیں پتا وہ کہاں بیٹھے ہوئے ہیں، نظر نہیں آ رہے۔ Lobby میں ہیں، اچھا۔ تو ظاہر ہے میں اِدھر کی بات کر رہا ہوں۔ Privileges کی کمیٹی میں take up ہوا تھا اس پر implementation نہیں ہوئی۔ تو ہم کیا ہیں؟ یہاں پر صرف ہم 26 ویں ترمیم، پبلک آرڈر اور ججز، وہ چیزیں ہم کرتے رہیں گے۔ یہ ہاؤس مطلب ہے کہ Islamabad Capital Territory Local (Government Amendment) Bill pass کرو جی، Peaceful Assembly and Public Order Bill pass کرو جی، کیونکہ ڈنڈا کرنا ہے۔ آپ کو پتا ہے کہ آپ کے اس ممبر پر ادھر سپریم کورٹ کے سامنے 25 lawyers کا اجتماع ہوا تھا۔ میں اپنے دفتر میں بیٹھا ہوا تھا۔ انہوں نے مجھ پر بھی وہ کیس کر دیا ہے، ایف آئی آر میں میرا نام بھی ڈال دیا ہے۔ یہ قانون جس کو ہم نے بڑے فخر سے بنایا تھا، وزیر قانون صاحب چلے گئے ہیں، یہ ہر اس law کی ایسی وکالت کرتے ہیں جیسے ان کی کوئی ذاتی جائداد ہو۔ یہ anti-people, anti-parliamentarians laws آپ نے بنائے ہیں۔ 26 ویں ترمیم سے آپ نے judiciary کو بالکل ختم کر دیا ہے۔ کوئی فیصلے نہیں کرتا۔ مقدمات

ہیں، ان پرappeals نہیں سنی جاتیں، ضمانت، جس میں especially جو right of liberty ہے، اس میں چھٹی کے دن بھی اگر ہو تو آپ کو سننا پڑتا ہے۔ خان صاحب اور بشریٰ بی بی کےcases ہیں، وہ نہیں سنے جا رہے۔ 5 تاریخ، پھر 25 تاریخ، پھر 26 تاریخ۔ مطلب آپ کرنا کیا چاہ رہے ہیں۔ جناب! یہ ملک ایسے نہیں چل سکتا۔ آپ نے اشرافیہ کو ہر قسم کی مراعات دی ہیں لیکن وہ باہر پھر رہے ہیں، ٹک ٹاک بن رہی ہیں، ہر روز وزیراعظم صاحب اِدھر سے اُدھر چکر لگا رہے ہوتے ہیں۔ بھائی! ملک کے لیے آپ کیا لائے ہیں، قرضے لائے ہیں، یہی ہے نا.that is the best that you can do.

اب power sector کی طرف آتا ہوں۔ جناب! یہ جوcircular debt ہے، یہ ایک انتہائی خطرناک level پر چلا گیا ہے اور یہ نااہل لوگ، نااہل حکومت، انہوں نے اس کا طریقہ کیا نکالا ہے، کہ جی اگرcircular debt 2.4 trillion ہے تو اس میں 1.4 trillion کا ہم کمرشل بینک سے قرضہ لے کر، 15, 16 بینک ہیں، کیونکہ انہوں نےrefuse کر دیا تھا، ایکsyndicated loan ہے، وہloan لے کر circular debt pay کریں گے، وہ پھر اپنے خاص لوگوں کوpayments کی جاتی ہیں۔ تو آپ قرضہ لے کر اپنےcircular debt کو نیچے لا رہے ہیں اور اس کے سود کے پیسے کون دے گا؟ وہ ہم، آپ، سب دیں گے، پاکستان کے عوام دیں گے۔ بھئی کیوں؟ آپ کی نالائقی، آپ کی کرپشن، آپ کی پالیسیوں کا نہ ہونا۔ اس حکومت نے پچھلے تین سالوں میں کوئی structural changes نہیں کیے ہیں۔ میں power sector کا ممبر ہوں، میں نے power sector پر تھوڑا بہت کام بھی کیا ہے لیکن آپ، یہ تو بڑا اچھا طریقہ ہے کہ قرضہ میں لوں، نااہل میں ہوں، corrupt میں ہوں اور آپ پیسے میرے لیےarrange کر دیتے ہیں اور پھر اس کا سود تو وہ ادا کریں، میں مزے کروں۔ میں اسی طرح چلتا رہا ہوں، this is what the Ministry of Power is doing, and the Ministry has miserably failed like how many other Ministries. I am coming to the next one. انہوں نے کوئی بھی change نہیں کی۔ آپ مجھے بتائیں کہ ایک competitive طریقے سے بجلی کی فروخت ہونی تھی، اس کا کیا ہوا، zero ہوا، کچھ بھی نہیں ہوا، چل رہے ہیں اسی طرح سے کیونکہ اس سے جو vested interests ہیں، ان کا کام ہو رہا ہے، ان کا مال بن رہا ہے تو کیوں کریں گے وہ ٹھیک۔ ہم نے ہماری حکومت میں چار، پانچ سال پہلے قانون بنا دیا تھا، وہ ابھی تک implement نہیں

ہوا۔ کہتے ہیں کہ ہر چیز تیار ہے لیکن اس پر عمل درآمد نہیں ہوتا۔ وزارت پرائیویٹائزیشن کو تو بند کر دینا چاہیے، نہ آپ نے اپنے بجٹ میں privatization proceeds لکھی ہیں، بہت ہی false قسم کے لکھی ہیں. 87 billion or something کیاآپ ایک privatization کر چکے ہیں، کر سکے ہیں؟ آپ نے پی آئی اے کی کی، ہمیں شرما دیا، 10 ارب روپے کی bid آئی، ایک bid کسی property tycoon کی تھی۔ آپ فیصل آباد کے DISCOs کو privatize کرنے جارہے تھے، کیاآپ کو ایک گاہک ملا؟ او بھئی آپ کی credibility نہیں ہے۔ آپ کے ہاں ماحول نہیں ہے،آپ کے ہاں rule of law نہیں ہے،آپ کے ہاں constitution کی implementation نہیں ہے عمل درآمد نہیں ہے۔ آپ ایک ایسا ملک بن چکے ہیں جس میں کوئی کیوں invest کرے گا۔ جب تک foreign investment نہیں ہوگی، ہمارے ساتھ والے ملکوں میں پتا نہیں 19 بلین کی، اس سے بھی زیادہ کی foreign investment ہوتی ہے، ہمارے ہاں 12 فیصد۔ بھئی جو لوگ یہاں کے ہیں وہ چھوڑ کر جارہے ہیں،آپ باہر والوں کو تو چھوڑیں۔

PSDP میں ایک کھرب روپے رکھا گیا ہے جو ظاہر ہے خرچ نہیں ہوگا، یہ ویسے ہی دکھاوے کے لیے کیا گیا ہے۔ اس میں خیبر پختونخوا کو بری طرح سے نظرانداز کیا گیا ہے۔ وہ صاحب، وہ منسٹر جو ہر قسم کی باتیں کرتے ہیں، کبھی اُڑان پروگرام کر دیتے ہیں، کبھی وژن، فلاں ،فلاں،وہ صفر، کُکھ نہیں پتا اس بندے کو، پچھلے تیس سال سے وہ اس وزارت میں ہے،آ کر مختلف جگہوں پر چورن بیچتا ہے۔ اس کو تو اب کوئی سنتا بھی نہیں ہے، نہ اس پر believe کرتا ہے۔اب یہ اڑان پروگرام، نام دیکھیں، اڑان، یہ تو شرمان ہے، ہمارے پشتو میں کہتے ہیں۔

PSDP ایک فرسودہ نظام ہے اس میں کوئی improvement نہیں ہوئی، اس میں کوئی بہتری نہیں آئی، غلط priorities ہیں اور جناب چیئرمین! اس وقت ہمارا پانی کا کتنا سنجیدہ مسئلہ ہے۔ آپ کے PSDP میں کوئی ۱۲۶ارب روپے پانی کے لیے رکھے گئے which includes dams and you know projects like that's ویسے آپ نے سڑکوں کے لیے ۲۷۷ارب رکھا ہے، وہ 13% ہے of your one Trillion کیونکہ سڑک بنانا تو ایک بڑا lucrative business ہے۔ وہ آپ کو اور ہم سب کو پتا ہے، اس کے لیے 277 Billion 24 % of the one Trillion تو

priorities کدھر ہیں۔ ہمیں یہ سارا پیسہ in majority invest کرنا چاہیے تھا dams water storages کے لیے، dams کے لیے، ہم نے تو اپنے وقت میں dams شروع کیے تھے اور الحمدللہ ان پر کام چل رہا ہے باوجود اس کے کہ مشکلات پیدا کی جارہی ہیں لیکن .pathetic پاکستان کی بدقسمتی یہ ہے کہ ہمارے جو PSDP کے Minister ہیں وہ موصوف رہ چکے ہیں جن کو سب لوگ جانتے ہیں۔ ان کا کام ہے سب چیزوں پر بات کرنا، خیالی پلاؤ پکانا، عمل زیرو۔

Last point یہ کہ FBR کو ایسی draconian powers دے دی گئی ہیں جس سے آپ کا جو business ہے .Ease of Doing Business ہمارے ہاں ہر وہ کام کیا جاتا ہے جس سے کہ عوام کو تکلیف ہو، عوام خوار ہو، عوام چکر لگائے اور متعلقہ افسران اس دوران پیسے بناتے جائیں۔ FBR نے جو draconian law کیا ہے جس میں investment کو بھی ختم کر دیں گے۔ میں آپ کو بتا رہا ہوں کہ انہوں نے ادھر کیا کیا ہے، کوئی بیٹھا ہی نہیں ہوا تو آپ کس کو سنائیں گے، کون جواب دے گا، یہ تو حالت ہے نہ Finance Minister ہے، نہ Law Minister ہے، Parliamentary Affair Minister کدھر ہیں؟ ہم نے دیکھا ہی نہیں ہے۔ آپ ان کو نوٹس دیں کہ یہ کیسے نہیں آسکتے، اس ایوان کی توقیر کی حفاظت آپ نے کرنی ہے، ہم آپ کے ساتھ ہیں، کوئی بیٹھا نہیں ہوا۔

FBR نے یہ کیا ہے کہ جب بھی کوئی بڑی transaction ہو گی اس میں FBR کا جس کو Visto Bueno کہتے ہیں اس کی approval لینی پڑے گی۔ اب باہر سے کوئی بندہ اپنی family کو پیسے بھیجتا ہے کہ گھر خرید لو تو وہ کہیں گے کہ جی وہاں سے جا کر Visto Bueno لیں approval لیں۔ آپ نے Commissioners کو empower کر دیا ہے کہ وہ account freeze کر سکیں، بندے کو گرفتار کر سکیں۔ یہ economy ڈنڈا ماری سے ٹھیک نہیں ہو گی، یہ policies, direction and vision کی وجہ سے ہو گی۔ عوام کے ساتھ درد رکھنا، یہی عوام ہے جن کی بنیاد پر آپ یہاں آتے ہیں اور آپ نے انہی کا بیڑا غرق کیا ہوا ہے، ان کی زندگیاں اجیرن کر دی ہیں، آپ ان کے خون کا ایک ایک قطرہ چوس رہے ہیں، ان کے لیے دو وقت کی روٹی impossible ہو گئی ہے اور ہم یہاں ٹھنڈے ایوانوں میں مزے کر رہے ہیں۔ ,FBR is a failed entity

ایک ایسا ادارہ ہے جو کہ صرف اپنے لیے ہزار گاڑیاں لے سکتا ہے اور اس نے کچھ بھی نہیں کیا tax to GDP ratio وہی 9%, 10% پتا نہیں کتنی real ہے۔

ہم نے ان سے Finance Committee میں commit کروایا تھا۔ سینیٹر سلیم مانڈوی والا صاحب Finance Committee کے Chairman ہیں وہ بھی نہیں ہیں۔ کچھ تو احساس ہونا چاہیے لیکن they know وہ اس جھوٹ کو defend نہیں کر سکتے، ان fudged figures کو defend نہیں کر سکتے، اس لیے سارے بھاگ گئے ہیں۔ پھر آپ کہیں گے کہ جی ہم تو ادھر نیشنل اسمبلی گئے تھے، او بھائی مقابلہ کرو، ہم آپ لوگوں سے بھی یہ کہتے ہیں کہ یہ آپ کا بھی ملک ہے، آپ کے بھی voters ہوں گے جو بہت کم رہ گئے ہیں لیکن پھر بھی، گھر والے تو vote دیتے نہیں ہیں باقی کیا دیں گے۔ آپ لوگ کچھ رحم کریں اس ملک نے آپ کو بہت دیا، آپ نے بڑی عیاشی کی ہے۔

جناب چیئرمین: this is unparliamentarily کہ گھر والے vote نہیں دیتے۔

سینیٹر سید شبلی فراز: ٹھیک ہے جناب! مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے آپ جو کہیں۔ That is unprecedented جس طرح سے FBR کو weaponized کیا گیا ہے۔ ایک سوچ آ گئی ہے کہ جو کام بھی کرنا ہے ڈنڈے سے کرنا ہے، اس حالت تک آپ ہمیں لائے ہیں، ہمیں ایک ریوڑ کی طرح، بھیڑ بکریوں کی طرح ہانکا جا رہا ہے۔ ہم سب کو اپنے ادارے کی عزت اور توقیر جس سے ہم سب لوگ benefit لیتے ہیں، اگر اس کی بے عزتی ہوگی تو ہماری بھی بے عزتی ہوگی، کوئی ہمیں اہمیت دے گا بھی نہیں اور دینی بھی نہیں چاہیے کیونکہ ہم نے عوام کے لیے کیا کیا ہے! کچھ بھی نہیں کیا۔ ہم نے تو یہاں پر ۲۶ ویں ترمیم پاس کی ہے، ہم نے تو یہاں پر اسلام آباد کا Public Order Bill پاس کیا، ہم نے تو ججز کے لیے legislation کی ہے، ہم تو ایک خاص مقصد کے لیے استعمال ہو رہے ہیں، آپ عملی طور پر یہ بتانا چاہ رہے ہیں کہ ہمارا عوام سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ جناب! مجھے تو بہت ڈر لگتا ہے کہ ایک بندے کے پاس روٹی نہیں ہے دوسرا پندرہ بیس کروڑ کی گاڑی میں چلتا ہے۔ اس طرح کی disparity، یہ ہر جگہ ہوتا ہے لیکن اتنی .disparity یہ اشرافیہ ایک سے لے کر چار پانچ پرسنٹ تک ہیں جو یہ benefits لے رہے ہیں اور 95 % عوام وہ خوار ہو رہی ہے، مڈل کلاس اور غریب لوگوں کی کمر توڑ دی ہے، ان کی جو سفید پوشی تھی وہ بھی ہم نے ختم کر دی

ہے، ان کو برہنہ کر دیا ہے اپنی policies کی وجہ سے، اپنی indifferences کی وجہ سے۔

جناب ! خیبر پختونخوا ایک صوبہ ہے اور پاکستان کا حصہ ہے۔ یہ وہ حصہ ہے جس نے پچھلے چالیس پچاس سال سے پاکستان کی حفاظت کی .1979, 2001 till now ہمارا culture, economy, identity تباہ ہو گئی۔ لوگ ادھر سے ادھر، ادھر سے ادھر گئے، ہر طرح کا برا culture اس میں introduce ہوا drugs کا، guns کا کسی کو پرواہی نہیں کیونکہ dollars آ رہے تھے۔ اس صوبے کے بقایاجات جو کہ hydel profit کی صورت میں، ہمارے بجٹ کے NFC Award کی صورت میں، فاٹا کے ساتھ یعنی ۲۵ ویں ترمیم کے ذریعے آپ نے جو مراعات فاٹا کو دی تھیں وہ بھی آپ نے unilaterally واپس لے لیں بغیر کسی اس کے جناب آئین میں لکھا ہوا ہے کہ آپ کو یہ یہ چیزیں کرنی ہوں گی اور آپ نے ان سے یہ مراعات بھی لے لیں۔

Politically speaking ہم تو یہ کہیں گے کہ کیوں اس کو victimize کیا جا رہا ہے اور اصل میں یہی ہو رہا ہے کہ خیبر پختونخوا کو نشانے پر رکھا ہو ہے کہ انہوں نے پی ٹی آئی کو کیوں ووٹ دیا ہے۔ سینیٹ میں خیبر پختونخوا کی نمائندگی نہیں ہے، ہمارے ۱۲ سینیٹرز اس وقت نہیں ہیں اور یہ constitutional violation ہے میں اس پر تقریر کر چکا ہوں، جس میں ہم سب حصہ دار ہیں۔ یہاں پر منافقت اس حد تک ہے کہ جب ہم نے Resolution جمع کروائی کہ جی ہمارے خیبر پختونخوا کے سینیٹ کے الیکشن ہونے چاہیے، اچھا ہے Law Minister Sahib آ گئے وہ ہمیشہ یہ جواب دیتے ہیں کہ جی یہ sub judice ہے۔ اگر خیبر پختونخوا میں reserve seats کی وجہ سے sub judice ہے تو بھائی پنجاب میں، سندھ میں، بلوچستان میں ان کی reserve seats نہیں تھیں۔ آپ کو پتا ہے کہ خیبر پختونخوا میں سے آپ کو ایک ووٹ نہیں ملنا، تو اس لیے آپ الیکشن نہیں کروا رہے لیکن آپ یہ بھول رہے ہیں کہ آپ آئین کی خلاف ورزی کر رہے ہیں Nothing is superior, Courts are not superior either. Everybody comes under the Constitution. You have no logic, no alibi to tell us کہ جی یہ sub judice ہے، اگر ہے تو پھر باقی صوبے اس سے مبراء ہیں۔ ہمارا الیکشن آپ کو کروانا ہوگا، ایک اور Constitutional crisis ہوگا جن کی term چھ سال ہوتی ہے، ان کا tenure چار سال اور آٹھ یا نو مہینے رہ گیا ہے تو کون ذمہ

دار ہوگا؟ کون جواب دے گا؟ کون اِس Constitutional violation کے لیے جواب دہ ہوگا؟ اس طرح نہیں ہو سکتا کہ من پسندی سے، یا تو Constitution ہے یا نہیں ہے، It should be abrogated.

اگر ہم نے blatantly اُس کی اتنی ہی violation کرنی ہے تو پھر ضرورت کیا ہے۔ ہم اُس کے کیوں حصہ دار بنیں۔ اِن ساری Constitutional violations کا یہ House حصہ دار بنا ہے اور جو ساتھ میں Lower house ہے، وہ بھی اس کا حصہ دار ہے۔ Election Commission تو الیکشن نہیں کروا رہا۔ آپ کہتے ہیں کہ ہم نے اس سے متعلق letter لکھ دیا ہے۔ جناب! اِدھر میرے ساتھ یہ commitment کریں کہ ہم Monday کے دن Resolution لائیں گے کہ ہمارے Senators کا الیکشن کروایا جائے۔ آپ ایسا کیوں نہیں کرتے؟ آپ خیبر پختونخوا سے Senators کو کیوں نہیں آنے دیتے؟ اگر یہ سلسلہ اِسی طرح جاری رہا تو 2027 میں اِس ایوان میں خیبر پختونخوا کی representation zero ہو جائے گی۔ بالکل زیرو۔ کیا آپ ایسا چاہتے ہیں؟ کیا آپ چاہتے ہیں کہ یہ ملک ایک Federation کی طرح رہے؟ آپ ہمارے ساتھ کیا کچھ نہیں کر رہے۔ آپ نے ہمارے financial معاملات کو recognize نہیں کیا۔ آپ نے NFC Award میں FATA کے لوگوں کو out کر دیا۔ آپ خیبر پختونخوا کو penalize اور victimize کر رہے ہیں۔ ہم آج بھی اُدھر دہشت گردی کی جنگ لڑ رہے ہیں۔

میرا finally last point ہے کہ جناب! جو stability کی بات کرتے ہیں کہ جی stability آ گئی ہے، تو a stability without growth is no stability. Growth ہوگی تو لوگوں کو jobs ملیں گی، economy پھیلے گی اور ملک میں خوشحالی آئے گی۔ سب سے زیادہ امن قبرستان میں ہوتا ہے۔ اگر آپ کہتے ہیں کہ جی بس اِسی طرح چلتا رہے اور stabilized معاملہ ہے تو قبرستان سے زیادہ stability اور کہیں بھی نہیں ہوتی۔

Vibrant societies and vibrant economies میں آپ کو risks بھی لینے ہوں گے اور آپ کو market میں invest بھی کرنا ہوگا۔ آپ industry میں دیکھ لیں کہ آپ کے bank loans نیچے جا رہے ہیں۔ کوئی borrow نہیں کر رہا اور کوئی invest نہیں کر رہا۔ تو ایسے حالات میں ہم بحیثیت Opposition اور

بحیثیت پاکستانی اپنے مستقبل کے بارے میں بڑے تشویش ناک ہیں۔ صرف یہی کافی نہیں ہے کہ میرا خرچہ پورا ہو رہا ہے۔ اگر میرا خرچہ پورا ہو رہا ہے تو دس اور لوگوں کا نہیں ہو رہا اور پھر وہ دس لوگ مجھے ہی دیکھیں گے۔

چیئرمین صاحب! So, it has become very dangerous جس میں قانون ہے ہی نہیں اور عدالتیں انصاف فراہم نہیں کر رہیں۔ عمران خان دو سال سے جیل میں بیٹھا ہے۔ بھائی، اُس کے جرم کیا تھے؟ اُس کو آپ due process دیں۔ آپ نے اُس پر اور باقی leadership پر 100 percent political cases بنائے ہیں۔ آپ اُس کو due process دیں۔ ہمیں اتنا عرصہ سیاست میں ہو گیا ہے اور کیا کبھی ایسا ہوا ہے کہ families کو جیل میں ڈالا گیا ہو just because کہ وہ کسی کی بیوی ہے۔ بشریٰ بی بی کو آپ نے جیل میں ڈالا ہوا ہے اور اُس پر آپ اِس گرمی میں سختیاں کر رہے ہیں لیکن وہ۔۔۔

(مداخلت)

سینیٹر سید شبلی فراز: اِس میں آپ ہر ایک subject پر بات کر سکتے ہیں۔ میری بات صرف دو منٹ کی باقی ہے، میں اور نہیں بولوں گا۔ جناب عالیٰ! عمران خان جب تک جیل میں ہو گا ملک میں stability نہیں آئے گی۔ اگر آپ اس ملک میں stability لانا چاہتے ہیں تو ایک ایسا لیڈر جو عوام کو اکٹھا کر سکتا ہے، جس کی چاروں صوبوں میں نمائندگی ہے، جو اس ملک کی سب سے بڑی پارٹی کا چیئرمین ہے، آپ نے اُس کو جیل میں رکھا ہوا ہے۔ اُس کے مقدمات نہیں سنے جا رہے۔ جہاں پر bails ہو سکتی ہیں وہاں پر نہیں سنا جا سکتا اور Law Minister صاحب بتائیں گے کہ یہ آپ کا ایک ایسا right ہے جو کوئی بھی آپ سے چھین نہیں سکتا لیکن آپ نے اُس کو victimize کرنا ہے۔

اس ملک کو چھوڑیں، ملک کی تو آپ کو کوئی پروا نہیں ہے۔ آپ سمجھتے ہیں کہ آپ کی حکومت کی بقا اِسی میں ہے کہ وہ شخص اندر ہے تو اندر ہی رہے۔ یہ آپ پاکستان کے ساتھ زیادتی کر رہے ہیں۔ یہ آپ جمہوریت کے ساتھ زیادتی کر رہے ہیں۔ یہ آپ Human Rights کے ساتھ زیادتی کر رہے ہیں اور آپ پاکستان کے لوگوں کے mandate کی توہین کر رہے ہیں۔

عمران خان کو فوراً رہا کرنا چاہیے اور یہ سارے political cases چلتے رہیں۔ عدالتیں تاریخیں لگائیں، مقدمات سنیں اور قانون کے مطابق فیصلہ دیں۔ سارے cases zero ہو چکے ہیں، بس ایک دو ہیں جن میں القادر بھی ہے اور وہ بھی ایک ایسا case ہے جس کا نہ سر ہے اور نہ پیر ہے۔ کچھ تو انہوں نے جھوٹ بنانا تھا لیکن جھوٹ بھی اِس بھونڈے طریقے سے بنایا ہے کہ 190 million pounds ہیں لیکن حقیقت میں وہ 171 million pounds ہیں اور وہ پیسے آپ دانش یونیورسٹی میں استعمال کر رہے ہیں تو پھر کرپشن کس کی ہوئی۔ کہاں گئے وہ پیسے؟

Mr. Chairman: Thank you.

سینیٹر سید شبلی فراز: جناب! میری یہی آخری بات ہے کہ اگر آپ اس ملک میں normalcy, political stability and financial growth لانا چاہتے ہیں تو عمران خان کو رہا کریں اور اس پر جو سیاسی بنیاد پر cases بنائے گئے ہیں، ان کو ختم کریں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: اُس کی تیاری ہو رہی ہے۔ آپ تشریف رکھیں۔ میں آپ کو ابھی mic نہیں دوں گا، پہلے Parliamentary leader جواب دیں گے۔ دیکھیں، ایک طریقہ ہے کہ ... Leader of the

(مداخلت)

جناب چیئرمین: اِن کے بعد آپ جواب دے دیں۔ جی پارلیمانی لیڈر عرفان الحق صدیقی صاحب۔ .He will represent the government

**Senator Irfan-ul-Haque Siddiqui**

سینیٹر عرفان الحق صدیقی: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! مجھے floor دینے کے لیے آپ کا بہت شکریہ۔ بڑی اچھی روایت ہے کہ Opposition Leader صاحب نے بڑی تفصیل کے ساتھ بجٹ پر یا سیاست پر یا حالات حاضرہ پر گفتگو کی اور اُس سے بھی اچھی بات یہ ہے کہ ہم نے بڑے تحمل اور بڑی بُردباری سے ان کی تمام باتیں سنیں اور میں توقع

رکھتا ہوں کہ جب ادھر سے بھی بات ہو گی تو اُس کو اُسی کشادہ دلی اور تحمل کے ساتھ سنا جائے گا۔

جناب چیئرمین! سب سے پہلے تو میں اسرائیل کی جارحیت کا ذکر کرنا چاہتا ہوں کہ اُس نے ہمارے برادر اسلامی ملک ایران پر جو حملہ کرکے اُس کی تنصیبات تباہ کی ہیں اور اُس کی عسکری شخصیات کو شہید کیا ہے، یہ نہایت ہی قابل مذمت اقدام ہے۔ میں اپنی طرف سے اور اپنی جماعت کی طرف سے بھی مذمت کرتا ہوں۔ بہر حال، اس کا formal reaction تو ہماری وزارت خارجہ دے چکی ہو گی یا دے گی اور Deputy Prime Minister اور وزیر خارجہ اِس پر بات بھی کریں گے لیکن ہم سمجھتے ہیں کہ اِس سے زیادہ افسوس ناک اور اِس سے زیادہ قابل مذمت کوئی اقدام نہیں ہو سکتا۔ اب وقت آ گیا ہے کہ ایک عالمی دہشت گرد، بات ہوتی ہے terrorism کی، دہشت گردی ہے، کبھی کوئی ایک فرد پکڑا جاتا ہے اور اُس کے سر کی قیمت پچاس کروڑ ہوتی ہے یا ڈیڑھ ارب ہوتی ہے۔ یہ جو کچھ اسرائیل کر رہا ہے، جناب چیئرمین! اِس سے بڑھ کر دہشت گردی کوئی نہیں ہو سکتی۔ اِس سے بڑھ کر terrorism کوئی نہیں ہو سکتا۔ یہ ریاستی دہشت گردی ہے اور ایک دہشت گرد ملک پوری دنیا پر چڑھ دوڑا ہے۔ یہ اب دنیا کے ضمیر کا اور conscious کا سوال ہے کہ کیا عالمی برادری اِس پر کوئی رد عمل دیتی ہے یا نہیں۔ اگر ہم خاموش رہتے ہیں تو اِس کا مطلب یہ ہے کہ یہ اوباشوں کی دنیا ہے، یہ دہشت گردوں کی دنیا ہے اور یہ terrorists کی دنیا ہے۔ تو میں اپنی طرف سے اور اپنی جماعت کی طرف سے بھی اِس کی پر زور مذمت کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین! شبلی فراز صاحب نے بہت عمدہ گفتگو کی اور کم از کم میں نے اُس کو بہت توجہ سے سنا اور اس پر میں چند ایک باتیں عرض کرنا چاہوں گا۔ انہوں نے ایک گھنٹے سے زائد وقت لیا ہے۔ مجھے آپ نے ابتدائیہ اعلان میں کہا تھا کہ ہم زیادہ سے زیادہ پندرہ منٹ لے سکتے ہیں لیکن اگر آپ اجازت دیں گے تو جو آپ نے سات سے دس منٹ کا وقت دیا ہے، وہ میں کسی سے ادھار لے لوں گا تاکہ انہوں نے جن اعداد و شمار کی ہیرا پھیری کا کہا ہے، وہ ہم کر لیں گے۔ جناب! شبلی فراز صاحب نے جو کہا کہ ہم نے اینٹ سے اینٹ بجا دی ہے، چلیں ہمارے پاس ایک اینٹ ہو گی جو ہم نے بجائی لیکن دوسری اینٹ کہاں سے آئی؟ دوسری اینٹ انہوں نے رکھی تھی۔ دوسری اینٹ جس کے ساتھ ہم نے اینٹ بجائی ہے وہ انہوں نے تخلیق کی تھی۔ انہوں نے economy کو اس پست گہرائی اور کھائی کے اندر ڈالا تھا، انہوں نے ایک ہنستے بستے آگے

بڑھتے ہوئے ملک کو، تیزی کے ساتھ آگے چلتے ہوئے ملک کو ، آپ2017-18 کے اعداد و شمار دیکھیں، نہ میں ہنسا ہوں نہ میں نے کسی بات کا تمسخر اڑایا ہے، میں نے توجہ سے بات سنی ہے۔ میں اعداو شمار دوں گا کہ ہم نے ان کو کون سا ملک دیا تھا، انہوں نے ہمیں کون سا ملک دیا، میں اعداد و شمار سے بتاؤں گا۔ قابل اجمیری کا بہت مشہور شعر ہے کہ؛

وقت کرتا ہے پرورش برسوں

حادثہ ایک دم نہیں ہوتا

یہ نہیں ہے کہ پچیس کروڑ لوگوں میں سے اٹھارہ کروڑ لوگوں کو اورنگزیب صاحب نے ایک دن کے اندر غربت کی لکیر سے نیچے پھینک دیا، ہم نے پھینک دیا یا بے روزگاری کو اس سطح پر ہم لے کر آئے ہیں ایک دن کے اندر؟ جناب والا! درخت جو بھی ہوتا ہے چاہے وہ آپ کے علاقے کا آم کا پیڑ ہو، برسوں اس کی آبیاری کی جاتی ہے اور پھر اس پر پھل آتا ہے۔ اسی طرح کیکر کا درخت ہوتا ہے تو اس کے کانٹے آنے میں بھی برسوں لگتے ہیں۔ انہوں نے ایک کھیتی بوئی اور اس کھیتی کی تلخ فصل ہم آج بھی کاٹ رہے ہیں، آنے والے دنوں میں بھی کاٹتے رہیں گے اور شاید برسوں کاٹتے رہیں گے۔

جناب والا! جب 2017 کے اندر اس ملک کے اندر coup ہوا جسے یہ coup کہتے ہیں وہ coup نہیں تھا، اُس ایوان نے عمران خان صاحب کو رخصت کر دیا یا ان پر عدم اعتماد کر دیا جس ایوان نے ان پر اعتماد کیا تھا، یہ ہماری تاریخ کا پہلا اور آخری واقعہ ہے، اس سے پہلے بھی نہیں ہوا اور اب تک بھی نہیں ہوا۔ اس لیے یہ کہنا کہ کوئی regime change ہو گئی، امریکہ بیچ میں آگیا، بیچ میں فوج آ گئی، کوئی اور آگیا، کہتے رہیں۔ عملی حقیقت یہ ہے کہ جس ایوان نے انہیں بنایا تھا اس ایوان نے انہیں رخصت کر دیا۔ 2017 میں جو پاکستان ان کو ملا تھا، اس پاکستان کی پوری ستر، اسّی سالہ زندگی میں IMF کا واحد پروگرام تکمیل کو پہنچا، آج تک record ہے اور نواز شریف record پر ہے جب اس نے کہا تھا bye bye IMF, ہم نے IMF کو الوداع کہہ دیا تھا۔ ہم نے توانائی کے بحران پر قابو پا لیا تھا، ہم نے دہشگردی کے بحران پر قابو پا لیا تھا، ہم نے اندھیرے دور کر دیے تھے، ہم نے stock exchange کو 55000 points پر پہنچا دیا تھا، ہم نے inflation کو 3.4 پر پہنچا دیا تھا، یہ ہمارا record ہے۔ میں اعداد و شمار کی ہیرا پھیری نہیں کر رہا ہوں، کوئی record اٹھا کر دیکھ لیں، یہ record ہے۔ اس ہنستے بستے، آگے بڑھتے، چلتے ہوئے ملک کو جو IMF سے نجات

حاصل کر کے اپنے قدموں پر کھڑا ہو چکا تھا دھکا دیا گیا، دھکا کیسے دیا گیا؟ اس میں کچھ لوگ طاقتور حلقوں میں سے ملے، یہ ایک پورا project تھا، یہ project کہاں تیار ہوا، کیسے execute ہوا، کس طرح اس سے نتائج برآمد کیے گئے، عدلیہ کے کون کون لوگ ملوث تھے، کیسے ایک درخواست جو frivolous قرار دے کر باہر پھینک دی گئی، سپریم کورٹ نے کہا کہ ہم نہیں سن سکتے اور پھر کیسے وہی درخواست مقدس ہو گئی؟ کیسے کھوسہ صاحب نے کہا کہ باہر کیوں پھر رہے ہو، ہمارے پاس آؤ، یہ history ہے، میں کوئی بات اپنی طرف سے نہیں کر رہا۔ ایک ہنستے بستے ملک کو تباہی اور بربادی کے گڑھے میں ڈالا گیا، ایک شخص کی دشمنی میں کہ اسے ہٹانا ہے اور دوسرے کو لانا ہے۔ ایک کو ہٹانا تھا وہ ہٹ گیا اور جس کو لانا تھا وہ آگیا، یہ مقصد تو پورا ہو گیا لیکن ملک جس کھائی میں گر گیا، ملک کو جس غار میں دھکیلا گیا، 24 کروڑ عوام کو جس کھائی میں دھکیلا گیا وہ اس سے نہیں نکل سکے۔ کنویں کے اندر گرنے کے لیے آدمی کو ایک، دو سیکنڈ لگتے ہیں لیکن اس آدمی کو باہر نکالنے کے لیے کتنے گھنٹے لگتے ہیں یا ہم اسے نکال بھی سکتے ہیں یا نہیں نکال سکتے۔

جناب والا! میرے کہنے کا مطلب یہ ہے کہ حقائق کو نظر انداز مت کریں۔ آپ اپنے پونے چار سالہ دور کا حساب دیں کہ آپ نے کیا کیا؟ کوئی بڑا project، کوئی بڑا ڈیم، کوئی بڑا ہسپتال، کوئی بڑی یونیورسٹی، کوئی بڑا کام، کوئی flagship project جس کو آپ کے نام سے منسوب کیا جائے۔ آپ کہتے ہیں کہ ہم سڑکیں بناتے ہیں کیونکہ اس میں رشوت ہے، lucrative business ہے، چلیں سڑک دکھائی تو دیتی ہے، سڑک پر ہم چلتے ہیں، نظر آتی ہے کہ سڑک اتنی چوڑی ہے اتنی لمبی ہے، جنگل تو نظر بھی نہیں آتے، جنگلوں کے درخت تو گنے بھی نہیں جاتے جنگل کئی زیادہ lucrative business ہے، لہٰذا اس بحث میں نہ پڑیں۔

جناب! اب میں چند باتوں کا ذکر کرنا چاہتا ہوں۔ جب میاں صاحب کو دھکا دے کر نکالا گیا تو صورتحال کیا تھی؟ ہم نے 2013 میں جب حکومت لی تو GDP کی شرح 3.9% تھی، ہم نے اس میں 2.2% کا اضافہ کیا اور یہ شرح 6.1% پر چھوڑ کر گئے۔ شبلی صاحب نے 6.2% کہا ہے لیکن record یہ ہے کہ پی ٹی آئی کی حکومت جب ختم ہوتی ہے تو GDP 6.1% پر تھا یعنی جو ہم نے دیا چار سال بعد 1% کا اضافہ کیے بغیر انہوں نے قوم کو منتقل کر دیا، یہ بھی ان کی بڑی ہمت ہے وگرنہ یہ ہر دوسرے شعبے میں نیچے لے کر گئے۔ ہم نے 2013

میں حکومت لی تو فی کس آمدنی 1446 ڈالر تھی، ہم نے اپنے دور میں اس میں 322 ڈالر فی کس کا اضافہ کیا اور 1768 ڈالر پر چھوڑ کر گئے۔ پی ٹی آئی کے دور میں فی کس آمدنی میں ایک دھیلے کا اضافہ نہیں ہوا، ایک پائی کا اضافہ نہیں ہوا اور یہ 1768 ڈالر سے بھی نیچے آ کر 1766 ڈالر پر آ گئے۔ ہم نے 2013 میں حکومت لی تھی تو food inflation 7.1 پر تھی، ہماری حکومت گئی تو یہ شرح 3.8 پر تھی جو maximum ہمارے دور میں آئی۔

Mr. Chairman: Please no cross talk.

*(Interruption)*

سینیٹر عرفان الحق صدیقی: ڈاکٹر صاحب! آگر آپ مخل ہوں گے، آپ کو respond کرنے کا حق حاصل ہے،

you should not apologize; you should stop talking.

Mr. Chairman: Irfan Sahib, please address the chair, only address the chair, no cross talk.

سینیٹر عرفان الحق صدیقی: میں food inflation کی بات کر رہا تھا جو ہم نے 7.1 پر لی، 3.8 پر ہم نے چھوڑی اور انہوں نے 13.4 پر چھوڑی۔ یہ غریب کی بات کرتے ہیں، میں غریب کی بات کر رہا ہوں کہ مہنگائی کی شرح جو ہم نے انہیں 3.5 پر دی تھی، یہ 13.4 پر چھوڑ کر چلے گئے۔ ہم نے 2013 میں حکومت لی تو stock exchange index 20000 points پر تھا، ہم نے اسے fifty three thousand something پر چھوڑا اور ان کے پورے دور میں شاید یہ 40000 پر گیا ہے، یہ اس سے آگے نہیں جا سکے وہیں brake لگی رہی۔ شاہد خاقان صاحب کے دور میں interest rate maximum 6.5 پر رہا، میاں صاحب کے دور میں اس سے بھی کم تھا اور پی ٹی آئی نے double کر کے 13% پر چھوڑا۔

میرے دوست شبلی فراز صاحب نے PML(N) کے پانچ سالہ دور 2013 سے 2018 تک قرضوں کی بات بھی کی۔ قرضوں کا حجم 10661 ارب روپے تھا، انہوں نے 24289 ارب کے قرضوں کا اضافہ کیا جو ہماری پوری تاریخ کے اندر لیے گئے تھے، اس سے

آگے میں ان کی کیا کیا باتیں بیان کروں۔ ابھی انہوں نے ہمارے وزیر منصوبہ بندی کا نام لیے بغیر ان کو ارسطو کہا، میں بہت شکر گزار ہوں ارسطور صاحب اپنے دور کے بہت صاحب دانش شخصیت تھے۔ ان کو کیونکہ نام دینے میں بہت مہارت حاصل ہے، شکر ہے کوئی اور نام نہیں دے دیا، ارسطو کہنا بہت عزت کی بات ہے لیکن آپ کے ارسطو نے economy کے ساتھ، منصوبہ بندی کے ساتھ، جتنی دیدہ ریزی سے، جتنی توجہ سے، جتنے انہماک سے، جتنی محنت سے، وہ باہر کا پڑھالکھا شخص ہے، اس نے جتنا کام کیا ہے، شاید آپ کے پونے چار سالہ دور میں کوئی ایک شخص بھی ایسا نہیں تھا۔ آپ تو وزیر خزانہ کا انتخاب ہی نہیں کر سکے، آپ اور نگزیب صاحب کو کہتے ہیں کہ یہ بینک سے اٹھ کر آگئے ہیں، آپ کسی بینک سے اٹھا کر لائے، کوئی کہیں سے لائے، انہوں نے پونے چارسالوں کے دوران چار یا پانچ وزیر خزانہ تبدیل کیے، کتنے ہی secretaries بدلے اور طعنہ ہمیں دیتے ہیں کہ اور نگزیب صاحب کو اُٹھا کر لے آئے ہیں۔ اور نگزیب صاحب جس دن سے ہم ہیں ہمارے ساتھ ہیں وہ کام کر رہے ہیں، محنت سے کام کر رہے ہیں۔ جناب! انہوں نے ملک و قوم کی اور کیا خدمت کی؟ ملک اور قوم کی خدمت کرنے کے لیے جب انہوں نے دیکھا کہ ہمارے خلاف عدم اعتماد آ گئی ہے اور ہمیں اس ملک کی باگ ڈور چھوڑنا ہوگی۔

جناب والا! 11 فروری کو جب ان کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک کا فضل الرحمٰن نے پریس کانفرنس کر کے اعلان کیا تو اگلے ہی ہفتے دس دن بعد 28 فروری کو انہوں نے کیا کیا کہ پٹرول کی قیمت 10 روپے گرائی اور ایک بحران پیدا کر دیا، IMF کے حلقوں کے اندر ایک تہلکہ مچ گیا۔ IMF پاکستان کے بارے میں خوف زدہ ہو کر ٹھٹک گیا جو آج تک اس کا خوف دور نہیں ہو رہا۔ یہ کون سی حب الوطنی تھی؟ جب آپ یہ اپیل کرتے ہیں لوگوں سے کہ پاکستان میں پیسا نہ بھیجو، یہ کون سی حب الوطنی ہے؟ آپ نے جس دن سے اپیل کی ہے میں سلام پیش کرتا ہوں، خراج تحسین پیش کرتا ہوں overseas Pakistanis کو کہ مسلسل اضافہ کر رہے ہیں۔ پچھلے مہینے تک 3 ارب ماہانہ سے یہ رقم بڑھ چکی تھی اور ہمارا تخمینہ یہ ہے کہ سالانہ 40 ارب کے ریکارڈ حجم تک پہنچ جائے گی۔ بہت شکریہ!

ایک اور اپیل کیجئے خان صاحب سے کہیے تاکہ یہ رقم جو ہے وہ 33 ارب سے آگے بڑھے اور 40 ارب کے قریب پہنچے۔ خان صاحب جیل میں بیٹھے ہوئے ہیں اور جیل سے IMF کو خط لکھتے ہیں پھر جو عمر ایوب کو حکم دیتے ہیں کہ dossier تیار کرو اور IMF میں جاؤ، پھر

IMFکے ہیڈ کوارٹر کے سامنے مظاہرے ہوتے ہیں۔ یہ حب الوطنی کی کون سی قسمیں ہیں؟ ہمیں بتا دیں اگر IMF پاکستان کے خلاف جاتا ہے ادھر انڈیا اپیل کرتا ہے ادھر یہ اپیل کرتے، پھر کہتے ہیں کہ ہمیں equate کیوں کرتے ہو؟ ہم equate نہیں کرتے۔ آپ محب وطن ہیں۔ آپ پاکستانی ہیں۔ آپ کو پاکستان کا درد ہے لیکن کیا پاکستان کا درد رکھنے والا کوئی آدمی کہے گا کہ پاکستان کو بھوکا مرنے دو؟ پاکستان کو دیوالیہ ہونے دو۔ پاکستان کو پیسے نہ دو۔ پاکستان کو قرضے نہ دو۔ مجھے سمجھ نہیں آتی یہ کون کر سکتا ہے؟ یہ سارا کچھ انہوں نے کیا۔

جناب چیئرمین! میں یہ عرض کر رہا ہوں، میں نے اعداد، شمار بھی بتائے ہیں اور میں نے کچھ زمینی حقائق بھی بتائے ہیں ان کے پونے چار سالہ دور کے اندر جو آئین کی حرمت آئین کی تکریم کا دور جس کو یہ کہتے ہیں ہمارے ہاں تو کوئی قاسم سوری پیدا نہیں ہوا۔ وہ ruling جو دی گئی وہ کون سے آئین کے تحت دی گئی؟ ہمارے ہاں کوئی عارف علوی بھی پیدا نہیں ہوا۔ وہ ruling جو دی گئی وہ کس کے تحت دی گئی؟ کس قانون کے تحت جب ایک عدم اعتماد کی تحریک آچکی ہے تو اسمبلی توڑ دی جاتی ہے۔ آپ یہ کون سے آئین کی پاسداری کر رہے تھے؟ آپ کون سے آئین کی تکریم اور عزت کر رہے تھے؟ آپ نے آئین کو کچلا۔ آپ نے قانون کو کچلا۔ آپ نے عدالتوں کو کچلا۔ آپ نے طاقتور لوگوں کو استعمال کیا کہ ججوں کے گھروں میں جاؤ اور کہو کہ ہماری دو سال کی محنت ضائع ہو جائے گی۔ ہم نے نہیں کیا یہ سب کچھ۔ آپ کہتے ہیں کہ ہمارے دور میں ہم نے کسی کی بیوی کو جیل میں نہیں ڈالا۔ نہیں ڈالا ہو گا کسی کی بیوی کو لیکن آپ نے کسی کی بہن کو عید کی رات ہسپتال سے گھسیٹ کر جیل میں ڈالا۔ آپ نے کسی کی بیٹی کو جیل میں ڈالا اگر بیویوں کو جیل میں ڈالنا کسی جرم کی وجہ سے بہت بڑا گناہ ہے تو بے گناہی کے جرم میں بہنوں اور بیٹیوں کو جیلوں میں ڈالنا کوئی گناہ نہیں ہے، کوئی جرم نہیں ہے؟ وہ آپ کو دکھائی نہیں دیتا اور یہ آپ کو دکھائی دیتا ہے۔

جناب چیئرمین! ان کے خلاف ٹھوس کیسز ہیں، کسی کے خلاف ٹھوس کیسز نہیں تھے۔ ہیروئن کا کیس ہے جی، چرس کا کیس ہے، ایفیڈرین کا کیس ہے، کرایہ داری کا کیس ہے، غداری کا کیس ہے، یہ کیسز تھے۔ یہاں تو زمینیں نظر آ رہی ہیں سینکڑوں کنال، کہیں پڑی ہوئی ہیں، کہیں پڑی ہوئی ہیں۔ یہاں تو 190 ملین پاؤنڈ نظر آ رہے ہیں کہ وہ کس کی جیب میں گئے۔ ایک جیب میں ڈالے گئے ہیں دوسری جیب سے نکالے گئے ہیں۔ آپ نے اس ملک کو کھلواڑ بنائے رکھا ہے اور اب تک بنائے ہوئے ہیں۔

جب آپ حکومت میں تھے تو آپ نے کبھی اپوزیشن سے ہاتھ نہیں ملایا۔ وزیراعظم ایوان میں آتے تھے، دوڑتے ہوئے کرسی پر بیٹھتے تھے، لیکن کبھی ادھر نہیں دیکھتے تھے، ہاتھ نہیں ملاتے تھے۔ ریکارڈ پر ہے۔ یہ کون سی جمہوریت ہے؟ یہ کون سی اقدار ہیں جن کا آج آپ درس دے رہے ہیں؟۔ ہم تو آپ سب کا احترام کرتے ہیں، محبت سے ملتے ہیں۔ میں تو خود جا کر ان کے ساتھ بیٹھتا ہوں، چائے پیتا ہوں، گپ شپ کرتا ہوں۔ یہ قابل تکریم لوگ ہیں، قابل عزت لوگ ہیں۔ ان کا point of view اگر ہم سے مختلف ہے یا یہ اپوزیشن میں بیٹھے ہیں تو ہمارے لیے پہلے سے بھی زیادہ صاحب عزت ہیں۔ آپ اپنی تصویریں ضرور رکھیں، ہر ڈیسک پر ایک تصویر رکھ لیں، کوئی فرق نہیں پڑتا۔ لیکن یہ بتائیں کہ یہ تصویر جب یہاں بیٹھتی تھی تو وہاں کیوں نہیں جاتی تھی؟ کیوں ہاتھ نہیں ملاتے تھے؟ جس اجلاس کے اندر چاہے وہ سیکورٹی کا اجلاس ہوتا تھا اگر اپوزیشن لیڈر بیٹھا ہوتا تھا تو وہ نہیں آتے تھے۔ آپ ہم سے پوچھتے ہیں کہ ہم نے کیا کیا؟ جو کچھ کیا، وہ سب کے سامنے ہے۔ آپ اُس پر تنقید کریں، اور جو نہیں کر سکے، اُس پر بھی کہیں کہ یہ نہیں کر سکے۔ لیکن میرے دوست نے کہا جی کہ ہم کھوکھلے نعرے دیتے ہیں۔ ہم نے کون سا کھوکھلا نعرہ دیا۔ ۔ ہم نے جو نعرہ دیا، اُس پر عمل کیا۔ اس پر عمل کرکے دیکھایا۔

آپ نے کہا کہ وزیراعظم ہاؤس کو یونیورسٹی بنایا جائے گا، کہاں ہے وہ یونیورسٹی؟ صرف عبدالقادر یونیورسٹی بنی، وہ بھی پتا نہیں کیا چیز ہے، ایک عجوبہ روزگار چیز ہے۔ آپ نے کہا کہ علی گڑھ جیسا ادارہ بنائیں گے صدر ہاؤس میں، وہ کہاں ہے؟ کہاں ہیں وہ 500 ڈیم؟ بجلی کہاں ہے جو آپ نے نہ صرف پاکستان کو دینی تھی بلکہ پوری دنیا میں بیچنی تھی؟ ہم نے کوئی کھوکھلے دعوے نہیں کیے، کھوکھلے دعوؤں سے ان کی تاریخ بھری پڑی ہے۔ بطور اپوزیشن بھی انہوں نے ملک کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی۔ میں یہ لفظ بالکل جان بوجھ کے استعمال کر رہا ہوں بڑی توجہ اور بڑی سوچ سمجھ کے بات کر رہا ہوں کہ جب آپ پیسا روکتے ہیں، جب آپ overseas Pakistanis کی حب الوطنی کو کہتے ہیں کہ مت دو پیسہ پاکستان کو، مت دو کا مطلب کیا ہے؟ IMF پیسا نہیں دے گا تو اس کا مطلب کیا ہے؟ پاکستان دیوالیہ ہو جائے گا، غریب ہو جائے گا، رسوا ہو جائے گا، ذلت اس کے کھاتے میں لکھی جائے گی اس کے ماتھے پر دیوالیہ پن کا داغ لگے گا اور آپ کے گھروں میں گھی کے چراغ جلیں گے، میں اس پر کیا بات کروں ؟

جناب چیئرمین! آخر میں میں بہت شکر گزار ہوں آپ نے مجھے 20 منٹ دیے میں چند باتیں اپنے وزیر محترم سے کرنا چاہتا ہوں جو اس وقت یہاں موجود نہیں ہیں، چند چیزوں کی مجھے بڑی تکلیف ہوئی ہے۔ ایک تو یہ ہے شبلی فراز نے بجا طور پہ ذکر کیا ہے کہ Educationہماری ترجیحات میں وہاں پر نہیں ہے جہاں ہونی چاہیے۔ ہمارا Educationکا بجٹ جو ہے وہ بہت ہی کم ہے، اس میں بھی بتاتا ہوں کہ Higher Educationکا جو بجٹ ہے اس کی recurring grant وہ جناب چیئرمین! جو66 ارب روپے ہے وہ برسوں سے چلی آرہی ہے، کوئی سات، آٹھ سال سے ہم نے کی تھی۔ پی ٹی آئی کے دور میں بھی اتنی ہی رہی اور پی ڈی ایم کے دور میں اتنی ہی رہی اور اب بھی اتنی ہی ہے۔ اب بھی 66ارب روپے ہے جو بہت کم ہے۔

جناب چیئرمین! دوسرے جو ان کے developmentاخراجات ہیں وہ 2023-24میں 70ارب روپے تھے 2024-25 میں کم کرکے یہ 66ارب کردیے گئے اور اب یہ 66 سے بھی کم کرکے 39 ارب روپے کر دیے گئے ہیں، یہ بہت زیادتی ہے۔ یہ Higher Education Commission,آپ سالانہ ایک ہزار ارب روپے کے قریب سفید ہاتھیوں کو کھلا رہے ہیں۔ سفید ہاتھیوں کو ایک ہزار ارب سے روپیہ زیادہ رکھا گیا ہے اس مرتبہ بھی رکھا گیا ہے تو ان اداروں کی کیوں نہیں سرپرستی کرتے؟ ایک اور بات جو میرے علم میں آئی ہے اور وہ بھی میں چاہتا ہوں کہ اس کو ریکارڈ پر لے آؤں اپنی تقریر میں حکومت کا حصہ ہوتے ہوئے۔ میرے علم میں آیا ہے کہ ہمارے جو علمی ادبی ثقافتی ادارے ہیں جن سے میرے بھائی شبلی کا بھی بڑا تعلق رہا ہے یہ بیشتر ادارے جو تھے یہ ذوالفقار علی بھٹو شہید کے دور میں قائم ہوئے اکادمی ادبیات ہے، ادارہ فروغ قومی زبان ہے، اردو سائنس بورڈ ہے، اقبال اکیڈمی ہے، اردو ڈکشنری بورڈ ہے اور اس طرح کے ادارے ہیں جن کو بند کیا جارہا ہے۔ ان کو merge کرکے یونیورسٹیوں کے سپرد کردیا جارہا ہے وہ یونیورسٹیاں جو پہلے سے مفلوک الحالی کا شکار ہیں اور اپنے ملازمین کو تنخواہیں نہیں دے سکتیں۔ ان اداروں کے ساتھ یہ کام نہ کریں۔ ان اداروں کی اصلاح کرنی ہے ان کو نیا mandate دینا ہے، ان کا دائرہ کار تبدیل کرنا ہے، اصلاحات کرنی ہے، ایک کمیٹی بنائیں اور اصلاحات ضرور کریں لیکن ان غریب اداروں کو معصوم اداروں کو جو ہماری پہچان ہے، ادبی، علمی، ثقافتی ادارے ہیں اور ان کا بیرونی ممالک سے بڑا گہرا رابطہ رہتا ہے، یہ ہماری پہچان بنتے ہیں۔ کیا ہماری پہچان terrorism رہنی چاہیے، کیا

ہماری پہچان غربت اور مہنگائی رہنی چاہیے۔ یہ ادبی اور علمی ادارے ہماری شناخت اور پہچان ہیں۔ ان کا تحفظ ہماری حکومت کو کرنا چاہیے۔ میں اپنی تقریر اس بات پر ختم کرتا ہوں کہ یہ ادارے قائم رہنے چاہییں، ان کے mandate میں آپ نے کوئی تبدیلی کرنی ہے تو بے شک کریں۔ میں شبلی فراز صاحب کا بہت شکر گزار ہوں، ان کی تقریر کا مفصل جواب وزیر خزانہ دیں گے۔ احسن اقبال صاحب کے بارے میں جو کچھ انہوں نے کہا، میں اس پر بھی ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے ان کو ارسطو کا خطاب دیا، اور وہ صحیح معنوں میں ارسطو ہیں، آپ طنز میں کہتے ہیں لیکن وہ حقیقت میں ہیں۔ کھوکھلے نعروں کا جواب میں نے دے دیا ہے۔

میں اپوزیشن کے تمام دوستوں کا بہت شکر گزار ہوں کہ انہوں نے میری بات بڑی توجہ سے سنی۔ اس میں بہت سی تلخ باتیں بھی ہیں لیکن یہ زمینی حقائق ہیں اور حقائق جتنے ہی کڑوے کیوں نہ ہوں وہ برداشت کرنے چاہییں۔ آخر میں آخری بار جو میں نے ایک پہلا شعر پڑھا تھا:

وقت کرتا ہے پرورش برسوں

حادثہ ایک دم نہیں ہوتا

شبلی فراز صاحب یہ قائم اجمیری کا شعر ہے اور اسی غزل کا ایک اور بہت خوب صورت شعر ہے، وہ ہے:

راستہ ہے کہ کٹتا جاتا ہے

فاصلہ ہے کہ کم نہیں ہوتا

(اس دوران ایوان میں نماز جمعہ کی اذان سنائی دی)

جناب چیئرمین: میں صرف announcement کر رہا ہوں کہ ایران پر ایک بہت important resolution ہے اور تمام سینیٹرز کا concern ہے، اس کے لیے we have requested the Foreign Minister, that he should also be present in the House, he is expected any moment تو اس بابت آپ جب بات کرنا چاہیں، وقار صاحب بھی یہاں موجود ہیں اور شہادت اعوان صاحب اس کے بعد تقریر کریں گے۔

سینیٹر سید شبلی فراز: جناب چیئرمین! میں اپنی طرف سے اور اپوزیشن کی طرف سے بھی صدیقی صاحب کی اس بات کی سو فیصد تائید کرتا ہوں کہ جو انہوں نے ہمارے ادبی ادارے کے بارے میں کہی ہے۔ ہمارے جو ادبی ادارے ہیں یہ وہ واحد remnants ہیں جیسا کہ کہتے ہیں کہ خاک میں ایک چنگاری کی طرح رہ گئے ہیں کیونکہ وقت کے ساتھ ساتھ انہیں بہت کم اہمیت دی گئی، جس کی وجہ سے آج ہمارے جتنے بھی لکھاری ہیں، ہمارے جتنے بھی ادب اور culture کی پہچان ہے وہ اتنی مدہم ہو گئی ہے کہ اب وہ پہچانی بھی نہیں جاتی ہے اس لیے ہم اس چیز کو fully support کرتے ہیں کہ جس طرح سے یہ ادارے ہیں وہ اسی طرح سے رہیں اور ان کو کسی اور ادارے میں merge کرنے کا مطلب تو یہ ہے کہ آپ نے اسے سمندر برد کر دیا اس لیے یہ نہیں ہونا چاہیے کیونکہ اس سے آپ اپنی شناخت کھو دیں گے۔ جو ملک اپنا culture اور شناخت کھو دے وہ اپنی identity کھو دیتا ہے اور اس سے زیادہ نقصان نہیں ہوتا۔

میں صرف ایک comment کروں گا اور صرف آدھا منٹ لوں گا۔ میں اپنی تقریر میں ایک چیز کے بارے میں کہنا بھول گیا تھا وہ تھا purchasing power. جناب چیئرمین! 2022 میں جو ایک لاکھ روپے تھے اب اس کی حیثیت -/41666 روپے رہ گئی ہے۔ 58% loss of value اس نے بھی لوگوں کو غربت میں دھکیلا ہے۔ بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ سینیٹر شہادت اعوان صاحب۔

سینیٹر شہادت اعوان: بہت شکریہ جناب چیئرمین۔ میں آپ کا شکر گزار ہوں کہ آپ نے مجھے اس بجٹ پر بولنے کا موقع دیا ہے جو کہ 25 کروڑ عوام کی زندگیوں پر اثر انداز ہو گا۔ میں صرف ایک سینیٹر نہیں ہوں بلکہ پورے ملک کے 25 کروڑ عوام کا نمائندہ ہوں۔

جناب چیئرمین: ,Excuse me Senator Hamayun تین بڑی main جماعتیں ہیں، ہم نے پارلیمانی لیڈر PTI کو موقع دیا ہے، پارلیمانی لیڈر (ن) لیگ کو موقع دیا ہے اور اب چونکہ پیپلز پارٹی کی پارلیمانی لیڈر اس وقت ملک میں موجود نہیں ہیں اس لیے ہم نے پیپلز پارٹی کو موقع دیا ہے۔

We have make the balance. I have the list from your party, and I am going accordingly.

**Senator Shahadat Awan**

سینیٹر شہادت اعوان: جناب چیئر مین! میں بہت ممنون ہوں کہ آپ نے مجھے موقع دیا۔ میری گزارش یہ تھی کہ موجودہ بجٹ وقتی طور پر تو stabilisation مہیا کرے گا لیکن ملک اور قوم کو جو challenges اس وقت در پیش ہیں میں سمجھتا ہوں اس کا مستقل حل دینے میں یہ ناکام رہے گا۔

جناب چیئر مین! یہ بجٹ 17573ارب کا دیا گیا ہے، میں افسوس کے ساتھ کہوں گا کہ اس کا 46.7% جو کہ تقریباً 8207ارب بنتا ہے وہ ملکی قرضوں کے سود کی مد میں چلا جائے گا تو اس بجٹ کو میں کیسے فلاحی اور ترقیاتی بجٹ کہوں۔ ورلڈ بنک کی رپورٹ کے مطابق 44.7% پاکستانی یعنی 107 ملین لوگ خط غربت سے نیچے رہتے ہیں، ان کی روزانہ آمدن 1200 روپے سے بھی کم ہے اور افسوس کہ موجودہ بجٹ میں اس غربت کو کم کرنے کے لیے کوئی road map نہیں دیا گیا ہے۔

جناب چیئر مین! بڑھتی ہوئی افراط زر کی صورت میں کم از کم جو تنخواہ 37ہزار روپے رکھی ہوئی تھی وہ بالکل کم ہے اور یہی وجہ ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی اس تنخواہ کو کم از کم 50ہزار روپے کرنے کا مطالبہ کرتی رہی ہے۔ میں یہ نہیں کہتا کہ صرف اس تنخواہ کو بڑھایا جائے بلکہ وفاقی حکومت اس بات کو یقینی بنائے کہ public and private sectors میں اس کو سختی سے لاگو کرنا چاہیے۔

جناب چیئر مین! موجودہ living cost کے مطابق پاکستان پیپلز پارٹی یہ سمجھتی ہے کہ حکومت نے وفاقی ملازمین کی جو تنخواہیں بڑھائی ہیں اس میں کم از کم 50% اضافہ ہونا چاہیے تھا، اگر اس میں 50% افراط زر پیش نظر ہوتا تو بھی یہ کہا جا سکتا کہ سرکاری ملازمین کی اشک پوشی ہوئی ہے۔

جناب چیئر مین! EOBI کی جو سکیم کے تحت پنشن ہے، میری گزارش ہے کہ اس میں جب تک 100% کا اضافہ نہیں کیا جائے گا اس وقت تک عوام اور working class کے ہمارے جو ریٹائرڈ بزرگ اور civil servants ہیں ان کو معاشی بے یقینی کا شکار ہونے سے نہیں بچایا جا سکتا ہے۔

جناب چیئرمین! پاکستان ایک زرعی ملک ہے اور زرعی ملک ہونے کی وجہ سے پاکستان فخر کرتا تھا کہ ہم agricultural country ہیں لیکن اس وقت بے تحاشہ اذیت کا شکار ہے۔ اس سال ہم نے بڑی فصلوں میں 13.5% decline دیکھا ہے جس کی وجہ یا تو فصلوں کی کاشت میں کمی یا موسم کا تغیر، یا lack of support رہی ہے۔ کپاس کی فصل 13.7% گر گئی ہے، گندم 9% گر گئی ہے لیکن حکومت کی عدم توجہی نے کسانوں کو رلا دیا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ مئی 2024 سے مئی 2025 کے درمیان زمیندار طبقے کو 2200 ارب روپے کا نقصان ہوا ہے، جس کی وجہ سے زمیندار کی قوت خرید بالکل ختم ہو گئی ہے لیکن عجیب بات ہے کہ میں نے دیکھا ہے کہ کسان کے لیے اس بجٹ میں کوئی forum نہیں رکھا گیا اور کسان کی دادرسی کے لیے کوئی اس قسم کی بات نہیں کی گئی جس سے یہ پریشان طبقہ جو ہے وہ اوپر جائے۔

جناب چیئرمین! حیرت کی بات ہے کہ کپاس کی درآمد تو tax free قرار دی گئی ہے جبکہ کپاس کے بیج پر 18% GST لگا ہوا ہے۔ یہ policy بالکل ناجائز ہے اور میں مطالبہ کرتا ہوں کہ local زرعی پیداوار پر ان کی بیجوں اور کھاد پر subsidy میں اضافہ کیا جائے اور کسان کو بھی کوئی platform مہیا کیا جائے۔

صحت اور تعلیم پر اخراجات قابل رحم ہیں۔ صحت GDP کا 0.9%، تعلیم 0.8% اور پھر کہنا کہ ملک اور قوم بنا رہے ہیں۔ یہ انتہائی غلط بات ہے آس پاس کے ملکوں کو دیکھیں کہ وہاں تعلیم پر GDP کا کتنا percent رکھا جاتا ہے۔ ہمارے 26 million یعنی دو کروڑ ساٹھ لاکھ بچے سکولوں سے باہر ہیں۔ خدا کے لیے رحم کیا جائے، تعلیم پر توجہ دی جائے۔ نونہالوں کو بنائیں، ندی نالے تو بن جائیں گے۔ یہ بہت حیرت کی بات ہے کہ اس سال budget میں صحت کے لیے ایک بھی نیا منصوبہ شامل نہیں ہے اور اسی دوران انہی حالات کے پیش نظر دیکھیں کہ میرے ملک کی نوجوان نسل ملک سے باہر جا رہی ہے لیکن حکومت downsizing and rightsizing کی صورت میں job ختم کر رہی ہے۔ جس کی وجہ سے بے تحاشہ بے روزگاری بڑھے گی، تقریباً چالیس ہزار نوکریاں ختم کر دی گئی ہیں لیکن حیرت کی بات یہ ہے کہ ایک طرف down sizing and right sizing کی جا رہی ہے جب کہ پچھلے ایک سال میں پانچ مختلف laws کے ذریعے، مختلف agencies and organizations establish کی گئی ہیں، ہونا تو یہ چاہیے تھا کہ بجائے نئے ادارے

بنانے کے جو پرانے مضبوط ادارے تھے ان کو reform کرتے اور tax payer پر نیا بوجھ نہ ڈالتے۔

جناب چیئرمین! Pension کی طرف آتے ہیں۔ Pension میں عجیب بات ہے کہ اس budget میں حکومت نے شریک حیات کے انتقال کے بعد family pension کی مدت دس سال کر دی ہے۔ یہ بالکل not justified ہے ہم اس کی بھر پور مخالفت کرتے ہیں۔ میری حکومت سے یہ گزارش ہو گی کہ حکومت اس finance bill میں موجودہ اساتذہ اور researcher کے tax rebate 25% کو June, 2025 میں ایک شق کے ذریعے سے ختم کرنے جارہی ہے۔ جس سے اساتذہ اور researcher کی آمدنی میں مزید کمی ہو گی۔ میری گزارش یہ ہو گی کہ اس scheme کو continue کیا جانا چاہیے تاکہ اساتذہ اور researcher کی مالی اعانت ہو جائے۔

اس کے بعد قابل حیرت بات یہ ہے کہ logistic providers ہیں جو online والے ان پر tax 18% لگا دیا گیا ہے۔ جس کی وجہ سے e-commerce industry پھولے پھلے گی نہیں اور ویسے بھی ہم اس شعبے میں کئی ممالک سے پیچھے ہیں۔ اس کے علاوہ solar panel پر بھی tax 18% لگا دیا گیا ہے۔ حکومت نے یہ tax لگا کر clean energy کے idea کو دھچکہ دیا ہے اور ایک وقت تھا یہ ترغیب دیتے تھے کہ آپ کے اس اقدام کی وجہ سے لوگوں کو فائدہ ملے گا لیکن میرا کہنا یہ ہے کہ اس tax 18% کی وجہ سے لوگ discourage ہوں گے اور دنیا alternate energy کی طرف جارہی ہے اور ہم tax لگا رہے ہیں۔ اس کے علاوہ اس tax میں دو روپے پانچ پیسے Carbon levy لگا دی گئی ہے جس کی وجہ سے petrol کی قیمتیں بڑھیں گی اور اگر petrol کی قیمتیں بڑھیں گی تو یقینی طور پر اس کی وجہ سے مہنگائی بڑھے گی۔ Levy پہلے سے بہت زیادہ لگائی جاچکی ہے تو میری گزارش یہ ہے کہ حکومت اس کو بھی ختم کرے۔

جناب چیئرمین! میرا کہنا یہ ہے کہ 2022 میں مری میں snow storm کی وجہ سے 23 لوگ فوت ہو گئے تھے۔ حکومت نے وعدہ کیا تھا کہ وہ پاکستان کے دیگر پر فضا مقامات ہیں ان کو develop کریں گے۔ جس میں سے Gorakh Hill, Dadu, Wadi e Soon Sakesar, Khabikki Lake, Jahlar Lake, Surakh

Chashma کوdevelop کرنے کا وعدہ کیا گیا تھا لیکن اس budget میں Gorakh Hill کا کہیں پر بھی تذکرہ نہیں ہے اور میرا کہنا یہ ہے کہ اگر اس پر فضا مقام کو آباد کیا جائے تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ لوگ دور دراز مری کے علاقے میں نہ جائیں اور نہ ہی اس قسم کے حادثات ہوں۔

اس کے علاوہ ہمارا سندھ کا کراچی کا دیرینہ مطالبہ K4 کا project تھا۔ 2022 میں 113 ارب روپے کا project رکھا گیا۔ اس میں آج تک جو خرچہ ہوا وہ 86440 million کا ہوا لیکن اس مرتبہ حیرت کی بات ہے کہ اس دفعہ اس کے لیے 3209 million خالی ایک چھوٹی سی رقم اس کے لیے رکھی گئی ہے۔ میری گزارش ہے کہ چونکہ پانی کا مسئلہ کراچی کا بہت بڑا مسئلہ ہے حکومت کو اس رقم کو بڑھانا چاہیے۔ اس کے علاوہ میری یہ گزارش ہے کہ motorways بنانے کا دنیا میں ایک طریقہ ہوتا ہے کہ وہ ہمیشہ port کے علاقے سے شروع کیے جاتے ہیں لیکن پاکستان میں الٹا طریقہ شروع کیا گیا۔ اس طرف سے ادھر لے کر جایا گیا اور یہی وجہ ہے کہ ایک آج Sukkur Hyderabad motorway ہے وہ نہیں بنا۔ کراچی کا M-9 نہیں بنا اور میری گزارش یہ ہو گی کہ اس سال بھی اس پر حکومت نے جو پیسے رکھے ہیں، Hyderabad -Sukkur جو ہے اس کا total ہے 39900 million ہے مگر اس دفعہ صرف پندرہ ہزار ملین رکھا گیا ہے۔ جس سے مجھے نہیں لگتا ہے کہ Hyderabad Sukkher motorway بن سکے گی، یہ تو صرف consultant پیسے لے لے گا۔ اسی طریقے سے Karachi to Hyderabad M-9 start کرنا بہت عرصے سے یہ کہا جا رہا تھا لیکن اس کو شروع نہیں کیا گیا۔

جناب چیئرمین! میرا تو کہنا یہ ہے کہ اس budget کے اوپر normally ہونا تو یہ چاہیے تھا کہ پاکستان کی آبادی کے لحاظ سے 63% دیہاتوں پر خرچ ہونا چاہیے تھا لیکن اس طرف کسی قسم کی کوئی توجہ نہیں دی گئی۔ آخر میں میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ ہم نے تو لوگوں کی تنخواہیں بڑھانے کا مطالبہ کیا تھا لیکن حکومت نے اپنے 84933 million بڑھا دیے ہیں بجائے لوگوں کی تنخواہیں بڑھانے کے اپنے اخراجات بڑھا دیے ہیں۔ اسی طریقے سے اس وقت دنیا میں environment protection کا issue ہے اس میں حضور والا حکومت نے پچھلے سال سے بھی 4089 million کم کر دیے ہیں۔ حیرت کی بات ہے اس کو پچھلے سال کی سطح پر کم از کم رکھنا چاہیے تھا۔

اسی طرح سے health affair and services, health
department بہت اہم ہے۔ پچھلے سال 52130 million تھے اس سال 20155
million حکومت نے اس میں کم کر دیے ہیں۔ اس کے علاوہ جو sport servicing ہیں
اس کے لیے پچھلے سال 400 million تھے۔ Sports ہو گی تو لوگوں کی صحت بہتر ہو گی،
sports ہو گی ہسپتال خالی ہوں گے لیکن اس دفعہ sports کے لیے آپ نے بلکل zero کر
دیا ہے، بلکل کچھ رکھا ہی نہیں ہے۔ اسی طریقے سے میں بتاؤں یہ بات تو حکومت کرتی ہے
austerity measures کے لیے لیکن Cabinet division کا انہوں
نے 44615 million بڑھا دیا ہے۔ اس کو کم کیا جائے اور اس کے علاوہ حکومت اپنے
اخراجات کم کرے۔ جس طریقے سے عرفان صدیقی صاحب نے بھی یہ کہا ہے کہ Federal
Education and Professional Training Division جو ہے اس کے
حکومت نے 2171 million کم کر دیے ہیں۔ میرے خیال سے یہ قابل مذمت ہے۔
Education پر توجہ دینی چاہیے، صحت پر توجہ دینی چاہیے۔ Higher
Commission کا پہلے بھی دو دوست point out کر چکے ہیں۔ Higher
Commission کے 21671 million کم کر دے گئے ہیں۔ اس کے علاوہ human
rights کے 81 million کم کر دیے گئے ہیں۔ دنیا human rights کی طرف توجہ
دے رہی ہے۔

Industry میں جو ہے آپ نے industrial production
میں 2185 million کم کر دیے ہیں جو کہ قابل مذمت ہیں اس کو بڑھایا جائے اور ,
narcotics narcotics ایک اہم issue ہے اس کے پچھلے سال 170
million تھے۔ عجیب بات ہے کہ پاکستان نے narcotics کے لیے تمام پیسے ختم کر کے اس
دفعہ کوئی budget نہیں رکھا گیا۔ Food security اس وقت جو پاکستان کا مسئلہ ہے اس
میں 19674 million کم کر دیے ہیں۔ Railway ہم M-1 کے لیے ہم چیخ رہے ہیں۔
اس کے لیے بجائے آپ نے کچھ کرنے کے لیے 12586 million ان میں کم کر دیے ہیں۔
Science and Technology جو کہ research کا ایک شعبہ ہے، اس کے بھی
1857 million کم کر دیے ہیں۔ SUPARCO جو کہ بہت بڑا research کا ادارہ

ہے اس کے لیے خالی 5419 million اور 18698 million پچھلے سال کی نسبت کم دیے ہیں۔

جناب چیئرمین! آخر میں water resources جو کہ اس وقت اہم مسئلہ ہے۔ پاکستان کے ساتھ جو مسئلے مسائل چل رہے ہیں ان حالات میں ہونا تو یہ چاہیے تھا کہ پاکستان میں ہم reservoirs بناتے، چھوٹے چھوٹے ڈیم بناتے لیکن اس کے باوجود ہم نے water resources میں پیسے کم کر دیے ہیں۔ جناب چیئرمین! میں آخر میں یہ گزارش کروں گا کہ جو فنانس بل آیا ہے۔ اس میں ایک section 37AA add کی گئی ہے جس کے تحت Board of Revenue کو یہ اختیار دیا گیا ہے کہ Board of Revenue کا کوئی آفیسر کسی بھی ٹیکس دہندہ کے بارے میں وہ سمجھے کہ اس کا ریکارڈ صحیح نہیں ہے یا اس نے کوئی غلط بیانی کی ہے یا کوئی کمپنی ہے اس کے جتنے بھی ڈائریکٹرز ہیں یا کسی بھی ڈائریکٹر کو بھی اگر وہ urgency سمجھے تو وہ گرفتار کر سکتا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ ہم کاروباری طبقے کو harass کر رہے ہیں۔ میری گزارش یہ ہو گی کہ یہ جو 37AA جو کہ اس میں add کی جارہی ہے اس کو ختم کر دینا چاہیے۔ ورنہ میں تو سمجھتا ہوں کہ اس ملک کے لوگوں کو ہم جو ترغیب دے رہے ہیں کہ وہ پاکستان چھوڑ کر باہر چلے جائیں۔

جناب چیئرمین! میں آخر میں یہ کہوں گا کہ ہماری آخری مردم شماری جو 2023 میں ہوئی ہے اس کے حساب سے ہمارا NFC award ہونا چاہیے تھا۔ تو اس بجٹ میں اس قسم کی صورت حال یہاں پر نہیں رکھی گئی ہے۔ جناب چیئرمین! میری آخر میں گزارش یہ ہے کہ ہونا تو یہ چاہیے کہ اس قسم کا بجٹ ہم دیں اور بنائیں کہ میری قوم کا کوئی بچہ بھوکا نہ مرے۔ کوئی بچہ سکول سے باہر نہ رہے۔ کوئی زمیندار جو محنت کرے اس کا صلہ پانے سے قاصر نہ رہے۔ کسی شہری کو مایوس نہیں ہونا چاہیے۔ جناب چیئرمین! میرا کہنا یہ ہے کہ ہم Global Hunger Index کے مطابق پاکستان 127 ممالک میں 109 ویں نمبر پر ہے۔ ہم بہر حال ہندوستان اور بنگلہ دیش سے بھی پیچھے ہیں تو اس قسم کی کوئی پالیسی اس بجٹ میں حکومت نے نہیں دی ہے۔ تو میری گزارش یہ ہے کہ اس بجٹ کے اندر مزید بہتری لانے کی ضرورت ہے۔ ایک بات خوش آئند یہ ضرور ہے کہ ابھی برابر ملک کے ساتھ جو ہماری جھڑپ ہوئی ہے اس میں ہماری پاک افواج نے جو کارکردگی دکھائی ہے۔ بجا طور پر ہم نے ان کا بجٹ بڑھایا ہے لیکن کم بڑھایا ہے۔ میں کہتا ہوں کہ لوگ قربان ہونے کے لیے تیار ہیں۔ اس سے

زیادہ بڑھانا چاہیے کیونکہ انڈیا کا دفاعی بجٹ ہم سے بہت زیادہ ہے تاکہ ہم بھی مزید fighters خرید سکیں۔ برابر والے ملک کو پتا ہونا چاہیے کہ یہاں کے عوام تیار ہیں اور اپنی فورسز کے پیچھے کھڑے ہیں۔ پاکستان زندہ باد۔ جناب چیئرمین! شکریہ۔

Mr. Chairman: I welcome Chinese business delegation in the Upper House. Yes, Senator Humayun Mohmand.

آپ کی طرف سے دو نام تھے۔ ان کا نام بھی ہے۔ پہلے آپ بات کر لیں۔

**Senator Mohammad Humayun Mohmand**

سینیٹر محمد ہمایوں مہمند: شکریہ، جناب چیئرمین۔ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ۔ عرفان صدیقی صاحب جب بول رہے تھے تو میں درمیان میں بولا تھا۔ تو میں شروع کروں گا کہ بڑا بے ادب ہوں سزا چاہتا ہوں۔ انہوں نے صحیح کہا۔ انہوں نے کہا کہ 2015-2016 میں ان لوگوں نے پاکستان کو روشنی دے دی۔ بالکل صحیح کہا۔ پاکستان میں جو اندھیرے تھے وہ ختم ہوئے لیکن اس کے بعد۔۔۔۔

(مداخلت)

سینیٹر محمد ہمایوں مہمند: جناب! ٹھیک ہے۔ فتویٰ دلوا دیں۔ جناب چیئرمین! اس طرح ہے کہ انہوں نے تو روشنی کر دی لیکن پورے پاکستان کے 14 طبق روشن کر دیے۔ جس طریقے سے ان لوگوں نے IPPs کے ساتھ معاہدے کیے ہیں آج ہم ایک یونٹ استعمال نہ کرنے کے بھی پیسے دے رہے ہیں۔ ہم لوگ آج بھی ان کی وجہ سے تقریباً اڑھائی تین کھرب روپے کی circular debt میں جا رہے ہیں اور ہر سال بدترین ہوتے جا رہے ہیں۔ Thank you very much PML (N) کہ آپ لوگوں نے روشنیاں کیا دور کرنی تھی آپ نے لوگوں کے 14 طبق روشن کر دیے۔ آج آپ دیکھ لیں کہ ہم کدھر پہنچ گئے۔ میں آپ کو جناب چیئرمین! ایک چیز بتاتا ہوں۔ انہوں نے بڑی اچھی باتیں کی ہیں۔ انہوں نے ہمیں statistics بتائے ہیں۔ دیکھیں، یہ یاد رکھیں کہ میاں نواز شریف صاحب 2016 میں چلے گئے تھے۔ اس کے بعد شاہد خاقان عباسی صاحب تھے۔ اگر ہم میاں نواز شریف صاحب کو

credit دینا چاہتے ہیں تو ہم 2016-2017 کا بجٹ اٹھا کر دیکھتے ہیں تو اس میں تو GDP 4.6% تھا۔ اگر فرض کریں کہ ان کا ہی کر دیتے ہیں تو انہوں نے آخری بجٹ جو پیش کیا تھا۔ جو بجٹ 2018-2019 میں پیش کیا تھا ہم اس کو پڑھ لیتے ہیں۔ تو اس میں ان کا GDP 3.1% تھا، 6.1% نہیں تھا۔ جس سال تحریک انصاف 2018 میں آئی تھی اس سے پہلے یہ آخری بجٹ پیش کر کے گئے تھے۔ اس میں انہوں نے اپنے پچھلے سال کی کارکردگی دکھائی تھی تو اس میں ان کا 3.1% GDP تھا۔ ہم نے ان سے 3.1% لے کر 6.1% پر ہم نے ان کو واپس کر دیا ہے۔ جناب چیئرمین! میں 2018 کی بات کر رہا ہوں۔ آخری بجٹ آپ نے اس وقت پیش کیا تھا۔ 2018 میں ان کا Agriculture growth 0.9% تھا ہم نے اٹھا کر 4.2% پر کیا۔ 2018 میں جب یہ گئے تھے Commodity Product growth rate 0.6% تھا ہم نے 5.5% کیا۔ انہوں نے manufacturing growth 4.5% پر چھوڑا تھا جس کو ہم 10.9% پر لے کر گئے۔ انہوں نے total revenues 11.2% پر کیا تھا ہم نے وہ 12% پر کیا۔ ہر چیز کو ہم نے بڑھا کر دیا تھا۔ کس چیز کے بارے میں یہ کہہ رہے ہیں کہ ان لوگوں نے اچھا کیا ہے۔ میں آپ ہی کے لیڈر صاحبہ کو quote کرتا ہوں۔ بے نظیر صاحبہ نے اپنے ایک انٹرویو میں کہا تھا اور توفیق ٹرسٹ کی بات کی تھی۔ انہوں نے کہا تھا کہ UK میں ایک کورٹ نے اس پر judgment دی ہوئی ہے اور بتایا تھا کہ کس طرح کرپشن ہوئی ہے۔ ابھی شہادت اعوان صاحب موٹرویز کی جو بات کر رہے تھے۔ صحیح تو کہتے ہیں کہ سارا کام الٹا ہوا تھا۔ کس کے دور میں ہوا تھا۔ Thank you very much PML (N). وہ صحیح کہتے ہیں کہ وہاں سے start ہونا چاہیے۔ ہر جگہ پر وہ ہوتا ہے لیکن یہاں پر کام ہی الٹا ہے۔ اب میں آگے کیا کہوں۔ آپ کو پتا ہے کہ تقریباً 40% پاکستان زراعت پر depend کرتا ہے۔ ہم لوگوں نے ان کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے۔ سوا چار کھرب روپے کا نقصان ہم نے farmers کو دیا ہے۔ آپ کو پتا ہے کہ یہ تقریباً PSDP کے برابر کا بجٹ ہے۔ جتنا ہم لوگ development کر رہے ہیں اس سے زیادہ تو ہم لوگ نقصان کر رہے ہیں۔ پھر کہتے ہیں کہ ہم آگے نہیں جا رہے ہیں۔ مجھے یہ سمجھ نہیں آتی کہ جب آپ کے سارے major crops negative میں ہیں آپ positive میں کیسے جا سکتے ہیں۔ ہاں، گدھے لے لیں، گن کر ان کو بڑھا کر کے آپ لوگوں نے ان کو 200% کر دیا ہے۔

حالانکہ 2005 کا last census of Livestock میں ہوا تھا۔ اس کے بارے میں تو آپ نے کچھ نہیں کیا۔

جناب! جب ہم انڈسٹریز پر جاتے ہیں تو ان کی ساری major industries negative میں جا رہی ہے۔ جناب چیئرمین! یاد رکھیں پاکستان کا فٹ بال میں ایک بڑا نام ہے۔ انہوں نے اس کو بھی نہیں بخشا۔ اس کو minus 13% پر لے کر چلے گئے ہیں۔ ان لوگوں نے چھوڑا کیا ہے؟ Deep freezer جو پہلے 77 پر ہوا کرتے تھے اس کو بھی minus 21 پر کر دیا ہے۔ ہر ایک چیز کو تو ان لوگوں نے minus میں کر دیا ہے۔ میں کہاں سے شروع کروں۔ آپ کو پتا ہے کہ APTMA نے کیا کہا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ 120 plus spinning mills بند ہو گئی ہیں۔ 800 plus ginning factories بند ہو گئی ہیں۔ Looms بند رہے ہیں۔ Export minus میں چلا گیا ہے یا import جیسا کہ ابھی انہوں نے کہا ہے کہ آپ باہر سے منگوالیں تو آپ کو سستا ملے گا۔ آپ یہاں پر اس کے اوپر ٹیکس لگاتے ہیں۔ Out of School کی بات ہو رہی ہے۔ جناب چیئرمین! میں آپ کو ایک بات بتاتا ہوں۔ بڑی زبردست بات ہے۔ اس کے بارے میں سب کو پتا ہونا چاہیے۔ اس وقت out of school children کی سب سے کم تعداد خیبر پختونخوا میں ہے جو کہ 30 فیصد ہے۔ یہ آپ لوگوں کو shame کہہ رہے ہیں کیونکہ باقی اس سے بہت زیادہ ہیں۔ آپ نہیں سمجھ سکتے تو میں کیا کروں۔ جب عقل ہی نہ ہو تو پھر کیا بات کریں۔

جناب! اب میں energy consumption کی طرف آتا ہوں۔ آپ کو پتا ہے کہ ان لوگوں نے total energy کو بڑھانے کی بات کی۔ یہ جو private sector کے اندر solar panels ہیں، انہوں نے اس energy کو بھی اپنے کھاتے میں ڈال دیا ہے۔ آپ public debt کو دیکھیں لیکن اس سے پہلے میں دو تین چیزوں کا ذکر کرتا ہوں۔ Human Development Index کو سامنے رکھیں۔ جب پاکستان تحریک انصاف کی حکومت تھی اور جب بقول ان سب کے کہ ملک تباہ ہو رہا تھا، ہمارا Human Development Index 154 out of 193 تھا۔ یہ جب سے آئے ہیں، ملک بچ گیا ہے لیکن ہمارا Human Development Index نیچے چلا گیا ہے۔ ہم 168 پر آ گئے ہیں یعنی 14 index درجے نیچے گر گیا ہے۔ اس کے ساتھ unemployment کی

شرح دیکھیں۔ سال 2022 میں جب ملک تباہ ہو رہا تھا تو بے روزگاری کی شرح تقریباً 5.4 یا پھر 6 فیصد کے درمیان تھی۔ آج 22 فیصد پر ہے جبکہ youth کی بے روزگاری کی شرح 30 فیصد تک پہنچ گئی ہے۔ آپ مجھے بتائیں کہ ہم انتظار کریں گے کہ جب پورا ملک unemployed ہو جائے گا؟

ہم poverty کی بات کر لیتے ہیں۔ ان لوگوں نے آدھے ملک کو غربت کی لکیر کے نیچے دھکیل دیا ہے۔ دو سال اور انتظار کریں، مزید نیچے چلا جائے گا۔ میں آپ کو ایک بات بتا دیتا ہوں، مثال کے طور پر پاکستان تحریک انصاف کی بات بتاتا ہوں۔ سال 2021 میں جو اہداف تھے، 2022 میں اس سے بہتر ہو گئے۔ ان کی بات کرتے ہیں، 2023 میں جو اہداف تھے، 2024 میں اس سے بھی کم ہو گئے ہیں۔ آپ کے پاس جو بجٹ آتا ہے، وہ اگلے سال کا تخمینہ ہوتا ہے کہ ہم اگلے سال یہ کریں گے۔ اس کے مقابلے میں اکنامک سروے پچھلے مالی سال کا result ہوتا ہے۔ بات یہ ہے کہ پچھلے مالی سال کے result میں تو یہ ہر چیز میں فیل ہیں۔ آگے یہ لوگ کیا کریں گے؟ پھر اس کے بعد یہ fudging کر رہے ہیں اور یہ کوئی نئی بات نہیں ہے۔

جناب! آپ مجھے ایک بات بتائیں۔ آپ میری تنخواہ پانچ فیصد، دس فیصد، بیس فیصد یا پھر تیس فیصد کم کریں گے، جو چیز آپ مجھے دے رہے ہیں، آپ لوگوں کی وجہ سے وہ 58 سے 60 فیصد نیچے چلی گئی ہے۔ مجھے وہی طاقت خرید دینے کے لیے آپ کو میری تنخواہ 60 فیصد بڑھانی پڑے گی۔ ہر وہ شخص جو ہمارے دور میں لاکھ روپے کماتا تھا، آج ان کے دور میں جو لاکھ کماتا ہے، وہ actually اکتالیس ہزار کما رہا ہے۔ کیا ہم انتظار کریں کہ ہماری قوت خرید زیرو پر چلی جائے۔ پتا نہیں کیا سوچ کر یہ لوگ آئے تھے؟

اس کے بعد ایک اور بات ہے۔ آپ کہتے ہیں کہ پہلے تین quarters میں ہم 0.5, 1.5, 1.7 کے ساتھ growth کر رہے ہیں۔ آخری تین مہینوں میں کیا ہو گیا کہ آپ ایک دم 5.8 پر چلے گئے۔ اگر 5.8 ہے تو آپ لوگوں نے GDP, 4.2 کیوں دیا؟ آپ اس سے بہتر دیتے۔ اگر آپ اتنے ہی اچھے جا رہے تھے تو آگے اس سے بہتر ہونا چاہیے تھا۔ بجٹ میں target set کیا جاتا ہے، اس میں آپ project نہیں کرتے۔ یہ اپنی inflation کو project کر رہے ہیں۔ ساری چیزیں بتا دی ہیں، GDP بتا دیا ہے، inflation بتا دیا

ہے، fiscal deficit بتا دیا ہے، primary surplus بتادیا لیکن ایک چیز missing آ رہی ہے۔ وہ یہ ہے کہ اس میں external account balance, missing ہے۔ میں اس چیز کا ماہر نہیں ہوں، جو مجھے بتایا جاتا ہے، اس کے مطابق دیکھتا ہوں۔ وہ کہتے ہیں کہ اس میں تقریباً 2 بلین ڈالرز کی negativity آئے گی۔

مجھے ایسا لگتا ہے کہ ہم لوگ reverse میں چل رہے ہیں۔ ہم سے یہ چار سالوں کا پوچھتے ہیں جبکہ اس ملک کو انہوں نے چالیس سالوں کے دوران تباہ کیا ہے۔ سال 1980 سے پاکستان کا جو گراف چل رہا تھا، اگر اس کو project کریں تو آج پاکستان کی per capita income, $3,000 plus ہونی چاہیے تھی۔ چلیں ہم نہیں کر سکے، اگر ہم اس گراف کو اس ratio سے لے کر چلیں کہ جس ratio سے ہمارے ساتھ والے regional ممالک کرتے ہیں تو اس لحاظ سے بھی ہم $2,400 کے قریب ہوتے لیکن ہم اس سے بھی کم ہیں۔ آپ مجھے بتائیں کہ ہم کہاں جائیں۔ آپ چالیس سالوں کی کارکردگی بتائیں۔ ابھی ہم پر یہ دوبارہ نازل کر دیے گئے ہیں اور وہ بھی بغیر کسی mandate کے۔ جیسے یہ 1985 میں بغیر کسی الیکشن کے آئے تھے، اس مرتبہ بھی یہ actually بغیر کسی الیکشن کے آئے ہیں اور بدقسمتی سے یہ ایک مرتبہ پھر ملک کو ڈبوئیں گے۔ شکریہ۔

(ڈیسک بجائے گئے)

Mr. Chairman: Leader of the House.

سینیٹر محمد اسحاق ڈار: جناب چیئرمین! بہت شکریہ۔ ایک بڑی افسوسناک development ہے، آج early hours میں unfortunately اسرائیل نے ہمارے برادر ملک ایران پر حملہ کیا۔ This aggression, obviously, is totally against the international laws and UN Charter جو ہم فلسطین اور غزہ میں دیکھ رہے ہیں۔ دو چیزیں عرض کروں گا۔ ایک تو یہ ہے، I would like to share with the House کہ اس development کے بعد، پاکستان کی طرف سے وزارت خارجہ نے جو statement issue کی ہے، وہ میں عرض کر دیتا ہوں۔ ہماری آپس میں discussion اور consensus کے ساتھ ایک resolution بھی تیار ہوئی ہے جو کہ اسی subject سے متعلق ہے اور ہم اس ہاؤس کی

طرف سے اسے pass کروانا چاہتے ہیں۔ اس کے لیے میں علیٰحدہ motion move کروں گا۔ پہلے جو MOFA نے on behalf of Pakistan جو کیا ہے، وہ پڑھ دیتا ہوں تاکہ علم میں ہو:

Pakistan strongly condemns unjustified and illegitimate aggression by Israel against the Islamic Republic of Iran. The Israeli military strikes violate the sovereignty and territorial integrity of the Islamic Republic of Iran and clearly contravenes the UN Charter and fundamental principles of international law. Iran has the right to self-defence under Article 51 of the UN Charter. Pakistan stands in resolute solidarity with the people of Iran and unequivocally, denounces these blatant provocations which constitute a grave danger and serious threat to peace, security and stability of the entire region and beyond with serious implications. The international community and the United Nations bear responsibility to uphold international law, stop the aggression immediately and hold the aggressor accountable for its actions.

Sir, this statement was issued on behalf of Pakistan by Ministry of Foreign Affairs at this morning in consultation with Prime Minister Shehbaz Sharif sahib and relevant stakeholders.

جناب عالی! on behalf of this House, we have been working with each other ہمارے معزز رکن راجا صاحب نے ایک ڈرافٹ پیش کیا تھا۔ پھر ہم نے consensus کے ساتھ ایک ترمیم شدہ ڈرافٹ بنایا ہے، وہ میں پیش کرنا چاہتا ہوں لیکن اس سے پہلے آپ کی اجازت سے، میں Rules of Procedure کی waiver کے لیے request کرنا چاہتا ہوں۔

Mr. Chairman: Yes please.

**Motion moved under Rule 263 for dispensation of Rules**

Senator Mohammad Ishaq Dar: I, hereby, move under Rule 263 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012 that the requirements of Rule 29, 30 and 133 of the said Rules be dispensed with in order to move a resolution. Thank you Mr. Chairman.

Mr. Chairman: I put this motion to the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Leader of the House, please move the resolution.

**Resolution moved by Senator Mohammad Ishaq Dar, Foreign Minister regarding condemnation of Israeli attack on Islamic Republic of Iran in violation of UN Charter and International Law**

Senator Mohammad Ishaq Dar: Thank you Mr. Chairman. I move the following resolution:

> "Today in the early hours, Israel in violation of the UN Charter and International Law, has once again committed a war crime by attacking our neighbour and brotherly country, the Islamic Republic of Iran.
>
> Israel's attack is a blatant violation of the fundamental

principles of the UN and all international norms. It has put peace and security in the region and beyond in grave danger. Over the years, Israel has been the source of countless deaths of Muslims around the world, particularly in Occupied Palestine.

The world and Muslim Ummah are witnessing slaughter of children and civilians in Gaza for the last 2 years on an unimaginable scale. The inaction of the Muslim world against this genocide is especially troubling as it has now led Israel to attack another sovereign Muslim State, Iran.

This House jointly and unequivocally condemns Israel and its heinous crimes against Muslim Ummah, especially against brotherly nations of Palestine and Iran.

This House stands resolute with our Iranian brothers and sisters and supports their right to defend themselves against this aggression."

Mr. Chairman: I now put the resolution before the House.

*(The resolution was adopted)*

Mr. Chairman: The resolution is passed unanimously. The House stands adjourned to meet again on Monday, the 16th June, 2025 at 3:00 pm.

--------------

*[The House was adjourned to meet again on Monday, the 16th June, 2025 at 3:00 pm.]*

-------------